www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار ...

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ

پاکستان بلیٹن

کراچی

چیف ایڈیٹر: سِراج احمد

جلد نمبر 11 | منگل، 31 مارچ 2026ء بمطابق 11 شوال 1447ھ | شمارہ 245 | قیمت 10 روپے

وزیر اعظم

مشکل میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑینگے

کمزور طبقے کو مزید ریلیف

وزیراعظم کی زیر صدارت خلیجی بحران کے پٹرولیم مصنوعات پر اثرات، موجودہ ذخائر اور عوامی ریلیف کے اقدامات کا جائزہ اجلاس

حکومت نے سرکاری اخراجات میں نمایاں کمی، ترقیاتی بجٹ میں کٹوتی اور 60 فیصد سرکاری گاڑیوں کو فوری طور پر بند کرنے جیسے اقدامات کیے

موجودہ حالات میں قربانی کا آغاز حکومتی اخراجات میں کمی سے کیا، امن کے قیام کیلئے سفارتی سطح پر بھرپور کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں، وزیراعظم

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مشکل کی اس گھڑی میں معاشی طور پر کمزور طبقے کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت خلیجی بحران کے پٹرولیم مصنوعات پر اثرات، ملک میں موجودہ ذخائر اور عوامی ریلیف کے اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے اہم اجلاس ہوا۔اجلاس کو ایندھن کی بچت کیلئے حکومتی اقدامات پر عملدرآمد، آئندہ کے لائحہ عمل اور موجودہ ذخائر پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، انٹیلیجنس بیورو کی جانب سے وزیراعظم کی سادگی مہم اور بچت اقدامات پر پیش رفت سے متعلق آڈٹ رپورٹ بھی پیش کی گئی۔شہباز شریف نے کہا کہ حکومت کمزور اور متوسط طبقے کو مزید ریلیف فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے اور مشکل کی اس گھڑی میں معاشی طور پر کمزور افراد کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ حکومت نے سرکاری ....بقیہ صفحہ 3 نمبر30

مشاورتی اجلاس

صوبوں کی اسمارٹ لاک ڈاؤن کی مخالفت' کفایت شعاری اقدامات کا عزم

صدر مملکت کی زیر صدارت قومی قیادت کا اہم مشاورتی اجلاس میں وزیراعظم، اسحاق ڈار، وفاقی وزرا، بلاول بھٹو کے علاوہ مشیر قومی سلامتی لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک اور چاروں صوبوں کے وزرائے اعلی نے شرکت کی

مشکل وقت میں کمزور طبقات کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، بڑھتی قیمتوں کا بوجھ کم کرنے کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں، صدر مملکت کا عوام کو مہنگائی کے اثرات سے بچانے کیلئے مربوط قومی حکمت عملی اپنانے پر زور

اسلام آباد(ویب ڈیسک) قومی قیادت کے مشاورتی اجلاس میں صوبوں کے وزرائے اعلی نے ملک بھر میں سمارٹ لاک ڈان کی مخالفت کردی اور کفایت شعاری اقدامات سخت کرنے کا عزم کیا۔وفاقی دارالحکومت میں صدر مملکت کی زیر صدارت قومی قیادت کا اہم مشاورتی اجلاس ہوا، جس میں وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزرا اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کے علاوہ مشیر قومی سلامتی لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک اور چاروں صوبوں کے وزرائے اعلی نے شرکت کی۔حکومتی ذرائع کے مطابق ملک بھر میں سمارٹ لاک ڈاون کے نفاذ کی تجویز پر غور کیا گی، صوبائی حکومتوں نے ملک بھر میں سمارٹ لاک ڈاون کی مخالفت کردی جب کہ بھی وفاق سے لاک ڈاون نہ لگانے کی سفارش کردی اور کفایت شعاری اقدامات کو مزید سخت کرنے کا عزم کیا۔اسی طرح اجلاس میں توانائی اور ایندھن کی بچت کے لیے اقدامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے اور صوبوں پر بھی 254 ارب کے ریلیف پیکج میں حصہ ڈالنے پر زور دیا۔صدر مملکت نے ہدایت بڑھتی قیمتوں کا بوجھ کم کرنے کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں، عوام کو مہنگائی کے اثرات سے بچانے کیلئے مربوط قومی حکمت عملی اپنانے پر زور دیا، اجلاس میں توانائی بحران، عالمی صورتحال اور علاقائی سیکیورٹی امور کا جائزہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر37

کویت نے پاکستان کو پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی کی یقین دہانی کرادی

علی پرویز ملک اور پاکستان میں کویت کے سفیر کے درمیان ایک اعلی سطح کی ملاقات ہوئی

کویت پٹرولیم کارپوریشن کی پاکستان کو ایندھن کی فراہمی کیلئے مکمل تعاون کی یقین دہانی

اسلام آباد(ویب ڈیسک) پاکستان کو کویت نے پٹرولیم مصنوعات بشمول ڈیزل اور جیٹ فیول کی مسلسل فراہمی کے حوالے سے یقین دہانی کرادی، جس کا مقصد ملک کے توانائی کے تحفظ کے فریم ورک کو تقویت دینا ہے۔حکومتی ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک ....بقیہ صفحہ 3 نمبر39

وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے کویت کے سفیر ملاقات کررہے ہیں

ام رباب کے والد، دادا اور چچا کے قتل کا کیس' تمام ملزمان بری

سرداری نظام کے خلاف 3 لوگوں کا دن دیہاڑے قتل ہوا، کیس میں 3 گواہ اور میڈیکل شواہد موجود تھے، ہماری نظر میں سزا ہوسکتی تھی

کیس میں نامزد تمام ملزمان کو بری کر دیا گیا ہے، فیصلے کے خلاف ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ میں اپیل کرینگے، وکیل صلاح الدین پنہور

ام رباب چانڈیو کے اہلخانہ قتل کیس کے فیصلے کے موقع پر ڈی ایس پیز سمیت 450 پولیس اہلکار سکیورٹی کے لیے تعینات کیے گئے

آٹھ سال پرانے مقدمہ میں دو ارکان سندھ اسمبلی سمیت 8 ملزمان نامزد تھے، جن میں چار ملزمان جیل میں اور چار ضمانت پر تھے

دادو(ویب ڈیسک) ماڈل کرمنل کورٹ نے ام رباب چانڈیو کے والد، دادا اور چچا کے قتل کیس میں نامزد تمام ملزمان کو بری کر دیا۔نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وکیل صلاح الدین پنہور کا کہنا ہے کہ کیس میں نامزد تمام ملزمان کو بری کر دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ سرداری نظام کے خلاف 3 لوگوں کا دن دیہاڑے قتل ہوا، کیس میں 3 گواہ اور میڈیکل شواہد موجود تھے، اتنے شواہد پر ہماری نظر میں سزا ہوسکتی تھی، فیصلے کے خلاف ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ میں اپیل کریں گے۔خیال رہے آٹھ سال پرانے مقدمہ میں دو ارکان سندھ اسمبلی سمیت 8 ملزمان نامزد تھے، جن میں چار ملزمان جیل میں اور چار ضمانت پر ہیں۔ام رباب چانڈیو کے اہلخانہ قتل کیس کے فیصلے کے موقع پر سکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کیے گئے ہیں، ڈی ایس پیز سمیت 450 پولیس اہلکار سکیورٹی کے لیے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر26

عالمی یوم زیرو ویسٹ: صدر زرداری کا خوراک کے ضیاع میں کمی پر زور

رواں برس عالمی یوم زیرو ویسٹ کی توجہ خوراک کے ضیاع پر مرکوز ہے، آصف زرداری

لینڈفل میں جانے والی خوراک ماحولیاتی آلودگی میں اضافہ کرتی ہے، عالمی دن پر پیغام

اسلام آباد(ویب ڈیسک)صدر مملکت آصف علی زرداری نے عالمی یوم زیرو ویسٹ کے موقع پر اپنے پیغام میں خوراک کے ضیاع کو سنگین قومی مسئلہ قرار دیتے ہوئے اس میں کمی کو ہر سطح پر عملی ترجیح بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔صدر مملکت نے کہا کہ رواں برس عالمی یوم ....بقیہ صفحہ 3 نمبر32

وزیراعظم شہباز شریف نے ایندھن کی بچت اور کفایت شعاری کے اقدامات پر اجلاس کی صدارت کی

مجھے ڈرا ہوا دیکھنا سرداروں کی خواہش، یہ حسرت کبھی پوری نہیں ہوگی، امِ رباب

دادو (ویب ڈیسک) دادا، والد اور چچا کے تہرے قتل کیس کے فیصلے پر ام رباب چانڈیو نے ویڈیو بیان جاری کردیا۔ام رباب چانڈیو نے کہا کہ آج میرے والد، چچا اور دادا کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر45

لاہور میں امریکی قونصل خانے کی عمارت کی طرف جانے والی سڑک بند ہے

آبنائے ہرمز نہ کھولی تو ایران کی توانائی تنصیبات تباہ کردیں گے، ٹرمپ

واشنگٹن (ویب ڈیسک)امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران سے معاہدے کے امکانات روشن ہیں اور مذاکرات میں بڑی پیش رفت ہوئی ہے، انہوں نے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر46

برطانوی وزیراعظم کا ایران جنگ کا حصہ بننے سے انکار

اپوزیشن کے پاس جنگ کے اثرات سے نمٹنے کا کوئی منصوبہ نہیں تھا، کیئر اسٹارمر

لندن(ویب ڈیسک)برطانوی وزیراعظم کیئر سٹارمر نے کہا ہے کہ ایران جنگ ہماری نہیں اس کا حصہ نہیں بنیں گے۔غیرملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر کا کہنا تھا کہ اپوزیشن کے پاس جنگ کے اثرات سے نمٹنے کا کوئی منصوبہ نہیں تھا۔اپوزیشن کی ناقص حکمت عملی ملک کو بڑی آفت میں ڈال سکتی تھی۔واضح رہے کہ اس سے قبل پارلیمنٹ میں خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کیئر اسٹارمر نے کنزرویٹو پارٹی (ٹوری پارٹی) کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر29

فضل الرحمن

پاکستان اس وقت خطے میں مثبت کردار ادا کر رہا ہے

پیچیدہ صورتحال اور فیصلوں پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لینا چاہیے، ایوان کو اعتماد میں لیا جائے اور ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے

پوری اسلامی دنیا کو مل کر ایک مضبوط اسلامی بلاک بنانا چاہیے متحد ہو کر ہی صہیونیت اور اسرائیلی توسیع پسندی کو روکا جاسکتا ہے

ٹرمپ نے سعودی ولی عہد سے متعلق جو کہا وہ کوئی شریف آدمی دہرا نہیں سکتا، پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد(ویب ڈیسک)امیر جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت خطے میں مثبت کردار ادا کر رہا ہے پیچیدہ صورتحال اور فیصلوں پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لینا چاہیے، ایوان کو اعتماد میں لیا جائے اور ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے۔پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر صحافیوں سے گفتگو میں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ مذاکرات کیلئے پاکستان نے میزبانی کی جو ....بقیہ صفحہ 3 نمبر35

سہیل آفریدی کا حالیہ بارشوں کے باعث جانی ومالی نقصانات پر اظہار افسوس

مشکل کی اس گھڑی میں متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، وزیراعلی خیبرپختونخوا

خیبرپختونخوا(ویب ڈیسک)وزیر اعلی خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے حالیہ بارشوں کے باعث صوبے کے مختلف اضلاع میں پیش آنے والے حادثات میں جانی ومالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔سہیل آفریدی نے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کی مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی، زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔انہوں نے متعلقہ ہسپتال انتظامیہ کو ....بقیہ صفحہ 3 نمبر36

امریکا اسرائیل کے ایرانی توانائی تنصیبات پر حملے، نیوی کمانڈر علی رضا شہید

حملے میں پیٹروکیمیکل پلانٹ کو نشانہ بنایا گیا، تہران اور کرج کے کچھ علاقوں میں بجلی بند ہوگئی

پاسداران انقلاب ایران نے نیوی کمانڈر علی رضا تنگسری کی شہادت کی تصدیق کردی

تہران، واشنگٹن، ریاض(ویب ڈیسک) امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر مسلط کی گئی جنگ 31ویں روز میں داخل ہوگئی، امریکا اسرائیل نے تبریز میں پیٹروکیمیکل پلانٹ کو نشانہ بنایا، تہران اور کرج کے کچھ علاقوں میں بجلی بند ہوگئی، ایران کے جوابی میزائل حملے سے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر28

شہباز شریف سے صدر یورپی کونسل کا ٹیلیفونک رابطہ، خطے کی صورتحال پر گفتگو

دونوں رہنماؤں نے مشرق وسطی میں جاری کشیدگی کے ساتھ دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وزیراعظم شہباز شریف کو یورپی کونسل کے صدر انتونیو کوسٹا کی ٹیلی فون کال موصول ہوئی، دونوں رہنماں نے مشرق وسطی میں جاری کشیدگی کے ساتھ دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔دونوں رہنماں نے ایران اور خلیجی ممالک میں جاری کشیدگی اور اس کے عالمی معیشت پر اثرات پر گہری تشویش کا اظہار کیا، بحران کے حل کے لئے مذاکرات اور سفارتکاری کی ضرورت پر زور دیا۔وزیراعظم شہباز شریف نے خطے میں کشیدگی میں کمی کے لئے پاکستان کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر38

حافظ نعیم

ام رباب کیس میں وڈیرہ شاہی جیت گئی' انصاف ہار گیا

قتل کیس میں نامزد تمام ملزمان کو بری کر دیا گیا، سیاسی جماعتوں اور انسانی حقوق کی تنظیموں کو ام رباب کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے، جاری بیان

قوم کی بیٹی ام رباب چانڈیو کی تاریخی جدوجہد کو سلام، بلاول بھٹو سے سوال ہے کہ کیا ام رباب چانڈیو سندھ کی بیٹی نہیں ہے؟ امیر جماعت اسلامی

لاہور(ویب ڈیسک)امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کا کہنا ہے کہ ام رباب کیس میں وڈیرہ شاہی جیت گئی اور انصاف ہار گیا۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ام رباب چانڈیو کے والد، دادا اور چچا کے قتل کیس میں نامزد تمام ملزمان کو بری کر دیا گیا۔حافظ نعیم الرحمن کا کہنا ہے کہ قوم کی بیٹی ام رباب چانڈیو کی تاریخی جدوجہد کو سلام، پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو سے سوال ہے کہ کیا ام رباب چانڈیو سندھ کی بیٹی نہیں ہے؟ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں اور انسانی حقوق کی تنظیموں کو ام رباب کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔واضح رہے کہ دادا، والد اور چچا کے تہرے قتل کیس کے فیصلے پر ام رباب چانڈیو نے ویڈیو بیان جاری کر دیا۔ام رباب چانڈیو نے کہا کہ آج میرے والد، چچا اور دادا کے قتل میں ملوث 8 ملزمان کو باعزت بری کر دیا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر34

صدر مملکت قومی قیادت کے اہم مشاورتی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں وزیراعظم، وفاقی وزراء، بلاول بھٹو لیفٹیننٹ جنرل عاصم، چاروں صوبوں کے وزرائے اعلی بھی شریک ہیں

سہیل آفریدی

ہمارے پیسے شاہ خرچی پر خرچ نہیں ہونے دیں گے

ہم دہشت گردی کے خلاف فرنٹ پر لڑ رہے ہیں، وفاق سے ایک پیسہ بھی نہیں لیا، صحت کارڈ پر عوام کو ریلیف دے رہے ہیں، وزیر اعلی خیبر پختونخوا

اسمارٹ لاک ڈاؤن پر صوبوں کی رائے تقسیم ہے فائنل یہ ہوا کہ معاشی سرگرمیاں متاثر کرنے والا فیصلہ نہ کیا جائے، سہیل آفریدی کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وزیر اعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا کہنا ہے کہ اسمارٹ لاک ڈان کا فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ایوان صدر میں منعقدہ اجلاس میں شرکت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلی کے پی سہیل آفریدی نے کہا کہ اسمارٹ لاک ڈان پر صوبوں کی رائے تقسیم ہے فائنل یہ ہوا کہ معاشی سرگرمیاں متاثر کرنے والا فیصلہ نہ کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ عوام کے خلاف کسی بھی پالیسی کی حمایت نہیں کریں گے۔وزیر اعلی نے کہا کہ ہم دہشت گردی کے خلاف فرنٹ پر لڑ رہے ہیں، وفاق سے ایک پیسہ بھی نہیں لیا، صحت کارڈ پر عوام کو ریلیف دے رہے ہیں۔سہیل آفریدی نے کہا کہ وفاق صوبوں سے ہی عوام کے ٹیکس کا پیسہ اکٹھا کرتا ہے، ہمارے پیسے شاہ خرچی پر خرچ نہیں ہونے دیں گے، عوام کے منتخب ....بقیہ صفحہ 3 نمبر31

اسحاق ڈار آج بیجنگ جائیں گے، اہم علاقائی امور پر بات چیت متوقع

بیجنگ(ویب ڈیسک)چین کے وزیر خارجہ وانگ یی کی دعوت پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار آج چین کا دورہ کریں گے۔دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور چین کے درمیان ہر موسم میں قائم رہنے والی سٹریٹجک تعاون ....بقیہ صفحہ 3 نمبر27

مشرق وسطی جنگ کے باعث فضائی آپریشن تاحال بحال نہ ہوسکا

لاہور(ویب ڈیسک)مشرق وسطی میں جنگ کے باعث فضائی آپریشن تاحال بحال نہ ہو سکا۔علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت کراچی، اسلام آباد، ملتان، فیصل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر25

لاہور کے اوپر دلکش بادلوں کا منظر

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ
ABC Certified
پاکستان بلیٹن
کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — مینجنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ

پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
☎ 021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

معاشی استحکام کے دعوے اور زمینی حقائق

وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے ملک کو ڈیفالٹ کے خطرے سے نکال کر معاشی استحکام کی جانب گامزن کر دیا ہے۔ انہوں نے پی آئی اے کے 75 فیصد شیئرز کی شفاف نجکاری کو ایک اہم سنگِ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ نجکاری حکومتی اصلاحاتی وژن کا بنیادی حصہ ہے، جبکہ جی ڈی پی میں اضافہ معاشی بہتری کی علامت ہے۔

معیشت کے حوالے سے وزیراعظم اور حکومتی وزرا کی جانب سے ایک دل خوش کن تصویر پیش کی جا رہی ہے، حتی کہ یہ دعوے بھی سامنے آچکے ہیں کہ پاکستان کی معیشت اب ٹیک آف کی پوزیشن میں ہے۔ تاہم دوسری جانب ادارہ شماریات کے اعداد وشمار ایک مختلف اور تشویشناک تصویر پیش کرتے ہیں۔ ادارہ شماریات کے مطابق دسمبر 2025 کے دوران تجارتی خسارے میں گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں تقریباً 24 فیصد اضافہ ہوا اور یہ بڑھ کر 3.7 ارب ڈالر تک پہنچ گیا، جبکہ دسمبر 2024 میں یہ خسارہ 2.99 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔

اگر حکومتی دعوے واقعی زمینی حقائق پر مبنی ہیں تو اس کے اثرات عوامی زندگی میں بھی نمایاں ہونے چاہئیں، جو فی الحال دکھائی نہیں دیتے۔ عام آدمی بدستور مہنگائی کی چکی میں پس رہا ہے اور یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی اس کے لیے شدید ذہنی و معاشی دباؤ کا باعث بنی ہوئی ہے۔ اگر معاشی استحکام حاصل ہو چکا ہے تو اس کے ثمرات عوام تک پہنچنا بھی ضروری ہیں۔ حالیہ دنوں میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود مہنگائی کی مجموعی سطح میں کوئی نمایاں کمی نظر نہیں آ رہی۔ نجکاری کو ناگزیر اس لیے قرار دیا جا رہا ہے کہ ماضی میں قومی اداروں کی بہتری پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی، تاہم ہر ادارے کو نجی تحویل میں دینے کے بجائے ان کی اصلاح، شفافیت اور کارکردگی بہتر بنانے کے اقدامات بھی ضروری ہیں تاکہ قومی اثاثے مکمل طور پر ختم نہ ہوں۔

شہید ذوالفقار علی بھٹو: جدید اور ایٹمی پاکستان کے معمار

شرجیل انعام میمن

پاکستان کی تاریخ میں کچھ شخصیات ایسی ہوتی ہیں جن کی زندگی اور قیادت نہ صرف اپنے عہد کی تشکیل کرتی ہے بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے بھی رہنمائی کا مینار بن جاتی ہے۔ ان میں سب سے نمایاں شخصیت شہید ذوالفقار علی بھٹو ہیں، جنہیں جدید اور ایٹمی پاکستان کا معمار کہا جاتا ہے۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سیاسی بصیرت، معاشرتی اصلاحات، اور قومی خودمختاری کے لیے غیر متزلزل عزم نے پاکستان کو ایک نئے عہد میں داخل کیا۔ ان کی سوچ اور وژن آج بھی ملکی سیاست اور عوامی شعور کی رہنمائی کر رہے ہیں۔

ذوالفقار علی بھٹو 5 جنوری 1928 کو جھونا گڑھ کے سابقہ دیوان سر شاہنواز بھٹو کے گھر سندھ کے ضلع سکھر میں پیدا ہوئے۔ ان کا تعلق ایک سیاسی اور علمی خاندان سے تھا، جس نے انہیں ابتدائی تعلیم اور سیاسی شعور کی بنیاد فراہم کی۔ بھٹو نے اپنی ابتدائی تعلیم سندھ میں حاصل کی اور بعد ازاں اعلیٰ تعلیم کے لیے امریکہ اور برطانیہ کا رخ کیا۔ آکسفورڈ یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد، وہ نہ صرف ایک علمی اور سیاسی شخصیت کے طور پر ابھرے بلکہ اپنے ملک کے لیے خدمت کا عزم بھی لے کر واپس آئے۔

ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کی سیاست میں قدم اس وقت رکھا جب ملک ایک سنگین بحران سے گزر رہا تھا۔ 1971 کے بعد پاکستان کے دو حصے تقسیم ہو چکے تھے، اور ملک میں سیاسی و معاشرتی انتشار پایا جاتا تھا۔ عوام کا اعتماد حکومت سے اٹھ چکا تھا، معیشت بحران کا شکار تھی، اور قومی خودمختاری پر سوالات اٹھ رہے تھے۔ ایسے نازک اور پیچیدہ حالات میں بھٹو نے پاکستان کی قیادت سنبھالی اور اپنی جرات مندانہ قیادت کے ذریعے ملک کو نئی سمت دی، "طاقت کا سرچشمہ عوام ہے،" کے بنیادی جمہوری اصول کے تحت شہید بھٹو نے پاکستان کی سیاست کو ہر گلی کوچہ تک پہنچا دیا، شہید بھٹو نے ملک کو نئی سمت دیتے ہوئے ایک متفقہ آئین دیا، پاکستان کے کونے کونے میں تعلیمی ادارے قائم کئے۔

ان کی سیاسی بصیرت کی بنیاد عوامی خدمت، خودمختاری، اور انصاف پر مبنی تھی۔ بھٹو نے ملک کی معیشت، عدلیہ، تعلیم، اور صنعت میں اصلاحات متعارف کرائیں۔ ان کا ماننا تھا کہ ایک مضبوط اور خودمختار ملک کے لیے ہر شہری کی زندگی میں بہتری لانا ضروری ہے۔ انہوں نے زمین اصلاحات کے ذریعے کسانوں کے حقوق محفوظ کیے، صنعتوں میں ترقی کے لیے نئے اقدامات کیے، اور تعلیم و صحت کے شعبے میں اصلاحات متعارف کرائیں۔ ان اقدامات نے پاکستان کو ایک مضبوط معاشرتی اور اقتصادی بنیاد فراہم کی۔

شہید ذوالفقار علی بھٹو کا سب سے نمایاں کارنامہ پاکستان کے ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھنا تھا۔ ان کے وژن کے مطابق، پاکستان کو عالمی سطح پر اپنی خودمختاری اور قومی وقار کے تحفظ کے لیے ایٹمی طاقت حاصل کرنا ضروری تھا۔ انہوں نے اس منصوبے کو ہر سیاسی اور معاشی چیلنج کے باوجود آگے بڑھایا، اور آج پاکستان دنیا کے ایٹمی ممالک میں شامل ہے۔ بھٹو کی یہ بصیرت نہ صرف ملکی دفاع کے لیے تھی بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کی شناخت اور خودمختاری کو بھی مضبوط کرنے کا اقدام تھا۔

شہید بھٹو کی قیادت میں پاکستان کی خارجہ پالیسی بھی مضبوط اور خودمختار رہی۔ انہوں نے ملک کی خارجہ پالیسی کو صرف امریکہ یا کسی دوسری عالمی طاقت کے تابع نہیں ہونے دیا بلکہ ایشیا، افریقہ، اور عرب دنیا کے ساتھ دوستانہ اور مساوی تعلقات قائم کیے۔ ان کے دور میں پاکستان نے اقوام متحدہ اور دیگر عالمی فورمز میں اپنا موقف مؤثر انداز میں پیش کیا، اور خطے میں امن و استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کیا۔

شہید ذوالفقار علی بھٹو کے عدالتی قتل کے بعد ان کے وژن کو آگے بڑھانے میں محترمہ بینظیر بھٹو کا کلیدی کردار رہا۔ محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنے سیاسی سفر میں والد کے اصولوں اور عوامی وژن کو زندہ رکھا۔ انہوں نے عوامی حقوق، جمہوری اقدار، اور خواتین کی سیاسی شرکت کو فروغ دیا، اور پاکستان کی سیاست میں شہید بھٹو کے نظریات کو عملی شکل دی۔ ان کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی نے نہ صرف عوامی مسائل پر توجہ دی بلکہ ملک کی داخلی اور خارجی پالیسی میں بھی بھٹو کے وژن کو برقرار رکھا۔

شہید بی بی کی شہادت کے بعد صدر آصف علی زرداری نے بھی شہیس بھٹو اور شہید بی بی کے اصولوں کو آگے بڑھایا۔ انہوں نے ملک کی سیاسی استحکام، اقتصادی ترقی، اور سماجی اصلاحات کے لیے کوششیں کیں۔ ان کے دور میں معاشرتی پروگراموں، خواتین کی ترقی، اور غربت کے خاتمے کے لیے متعدد اقدامات کیے گئے۔ صدر آصف علی زرداری کی قیادت میں شہید بھٹو کے وژن کی بنیاد پر ملک میں جمہوریت اور عوامی حقوق کو مضبوط کیا گیا۔

آج بلاول بھٹو زرداری اپنے نانا کے خواب اور اصولوں کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ وہ نہ صرف پارٹی کی قیادت میں والدہ اور نانا کے نظریات کو زندہ رکھ رہے ہیں بلکہ نوجوان نسل کو بھی سیاسی شعور، سماجی ذمہ داری، اور ملکی خدمت کے جذبے سے روشناس کرا رہے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی نے عوامی مسائل، تعلیم، صحت، اور نوجوانوں کی ترقی کو مرکزی حیثیت دی ہے، جس سے شہید بھٹو کے وژن کی مکمل تصویر واضح ہوتی ہے۔

ذوالفقار علی بھٹو کی سیاسی حکمت عملی اور نظریات آج بھی ملکی سیاست میں رہنمائی کا کام کر رہے ہیں۔ ان کا وژن صرف ایٹمی طاقت یا اقتصادی اصلاحات تک محدود نہیں تھا بلکہ انہوں نے جمہوریت، عدل و انصاف، اور عوامی خدمت کو بھی مرکزی حیثیت دی۔ شہید بھٹو کے اصول یہ بتاتے ہیں کہ ایک مضبوط پاکستان کے لیے صرف سیاسی قیادت نہیں بلکہ عوام کی شعور، قومی یکجہتی، اور سماجی انصاف ضروری ہیں۔

شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سالگرہ کے موقع پر یہ یاد دلانا ضروری ہے کہ ایک مضبوط، خودمختار اور جمہوری پاکستان کی تعمیر کے خواب کی تکمیل محض ایک شخص کے ذریعے نہیں بلکہ مسلسل قیادت، عوامی شعور، اور قومی یکجہتی سے ممکن ہے۔ آج بھی شہید بھٹو کے اصول اور وژن پاکستان کی سیاست، معاشرت، اور دفاع کی رہنمائی کر رہے ہیں، اور ان کے خاندان کی قیادت میں یہ وژن نئی نسل کے لیے مشعل راہ بن چکا ہے۔

بھٹو کی زندگی ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ قیادت صرف عہدہ یا طاقت کا نام نہیں بلکہ عوام کے لیے خدمت، قومی وقار کے تحفظ، اور مستقبل کی نسلوں کے لیے سوچنے کا عمل ہے۔ انہوں نے ہمیں یہ بھی سکھایا کہ مشکل حالات میں بھی حوصلہ، جرات، اور اصولوں پر استقامت کے ساتھ کام کرنا ممکن ہے۔ پاکستان کی ترقی، دفاع، اور عوامی فلاح کے لیے بھٹو کا وژن آج بھی ہمارے سامنے روشن مینار کی مانند کھڑا ہے، جس کی روشنی میں نئی قیادت اور نئی نسل اپنے راستے تلاش کرسکتی ہے۔

جب ہم کہتے ہیں "بھٹو زندہ ہے"، تو اس کا مطلب صرف یہ نہیں کہ ہم انہیں یاد کرتے ہیں یا ان کے نام کا تذکرہ کرتے ہیں۔ بھٹو زندہ ہے اس لیے کہ ان کے اصول، ان کا وژن، اور عوام کے لیے ان کا جذبہ آج بھی پاکستان کے ہر کونے میں محسوس کیا جاتا ہے۔ ان کی سوچ نے نہ صرف پاکستان کی سیاست کو بدل دیا بلکہ عوامی شعور، قومی خودمختاری، اور سماجی انصاف کے لیے ایک مستقل روشنی قائم کی۔ بھٹو زندہ ہے اس لیے کہ ان کی جدوجہد آج بھی نئی نسل کو حوصلہ دیتی ہے، اور ان کے خوابوں کا پاکستان، ان کے وژن کے مطابق، آج بھی تعمیر ہو رہا ہے۔ جب ہم یہ کہتے ہیں، تو حقیقت میں ہم یہ کہتے ہیں کہ شہید بھٹو کا ہر اصول، ہر وژن، اور ہر قربانی آج بھی ہماری زندگیوں میں سانس لے رہی ہے، اور یہی حقیقی معنوں میں بھٹو کی زندگی کا ابدی ثبوت ہے۔

جنوبی ایشیا کی سرد ہواؤں میں روشن ایک شمع

محسن اقبال

جنوبی ایشیا ایک ایسا خطہ ہے جہاں روایات صرف ورثے میں نہیں ملتیں بلکہ شعوری طور پر محفوظ، محفوظ تر اور زندہ اخلاقی اقدار کے طور پر برتی جاتی ہیں۔ پاکستان، بنگلہ دیش اور بھارت جیسے معاشروں میں رسوم ورواج اجتماعی شعور میں گہرائی تک پیوست ہیں اور سیاسی ہنگامہ آرائی کے باوجود سماجی رویوں کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کرتی رہتی ہیں۔ یہ روایات اکثر نظریاتی تقسیم اور ریاستی پالیسیوں سے بالاتر ہو کر اقوام کو ان کی مشترکہ تہذیبی جڑوں کی یاد دلاتی ہیں۔ خوشی کے لمحات میں پرانی رنجشیں ماند پڑ جاتی ہیں اور برسوں کے بچھڑے لوگ ایک دوسرے کی مسرت میں شریک ہونے کے لیے تلخیاں بھلا دیتے ہیں۔ تاہم بعض اوقات اختلافات اس قدر گہرے ہوتے ہیں کہ تقریبات بھی فاصلے کم نہیں کر پاتیں۔ مگر غم کی کیفیت ایک مختلف کہانی سناتی ہے۔ خاص طور پر موت کے سامنے جنوبی ایشیائی روایت عاجزی، موجودگی اور ہمدردی کا تقاضا کرتی ہے، چاہے ماضی کی رنجشیں کتنی ہی شدید کیوں نہ رہی ہوں۔

یہ طاقتور ثقافتی جبلت حال ہی میں بنگلہ دیش کی سابق وزیراعظم بیگم خالدہ ضیا کے انتقال پر پوری شدت کے ساتھ نمایاں ہوئی۔ ان کی وفات محض ایک داخلی سانحہ نہیں تھی بلکہ پورے خطے میں گونج پیدا کرنے والا لمحہ تھی۔ جنوبی ایشیا میں کسی قومی رہنما کی وفات سیاسی وابستگیوں سے بلند ہو کر اجتماعی احترام کے دائرے میں داخل ہو جاتی ہے۔ پاکستان نے اپنی دیرینہ روایت کے مطابق ہمیشہ برادر اور ہمسایہ ممالک کے سربراہان مملکت اور حکومت کی آخری رسومات میں شرکت کی ہے اور متعدد مواقع پر اندرون ملک سرکاری سطح پر سوگ بھی منایا ہے۔ ایسے اقدامات اس فہم کی علامت رہے ہیں کہ مشترکہ غم کی اخلاقی حیثیت سیاسی اختلافات سے کہیں زیادہ وزن رکھتی ہے۔

بنگلہ دیش، جو ایک برادر اسلامی ملک ہے اور جس کے ساتھ پاکستان تاریخ، عقیدے اور گہرے انسانی رشتوں میں بندھا ہوا ہے، حالیہ برسوں میں کشیدہ تعلقات کا سامنا کرتا رہا ہے۔ یہ تناؤ حل طلب تاریخی بیانیوں اور سیاسی پیش رفتوں میں جڑا ہوا تھا جس نے دونوں ریاستوں کے درمیان فاصلے اور بداعتمادی کو جنم دیا۔ تاہم حالیہ عرصے میں ان اختلافات پر نظر ثانی کا تدریجی عمل شروع ہوا ہے۔ دونوں جانب ماضی کی غلط فہمیوں کے اعتراف اور نعرہ بازی کے بجائے حقیقت پسندی پر مبنی روابط کی ضرورت کو تسلیم کیا جانے لگا ہے۔ ایسے پس منظر میں بنگلہ دیش کے قومی غم پر پاکستان کے ردعمل نے خاص سفارتی اور جذباتی اہمیت اختیار کر لی۔

انتظامی حکومت کے کسی رکن کو بھیجنے کے بجائے پاکستان نے اپنی نمائندگی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کے ذریعے کی۔ یہ فیصلہ نہ تو اتفاقی تھا اور نہ محض رسمی۔ جمہوری روایات میں پارلیمان عوام کی اجتماعی آواز کی نمائندہ ہوتی ہے اور پارلیمانی سفارت کاری اکثر اس گہرائی کی حامل ہوتی ہے جو رسمی حکومتی نمائندگی میں کم نظر آتی ہے۔ پاکستان کی پارلیمان کے سربراہ کی موجودگی نے ریاستی سطح کی رسمی کارروائی کے بجائے عوام سے عوام کی یکجہتی کا پیغام دیا۔ اس نے واضح کیا کہ پاکستان کی تعزیت مشترکہ اقدار، ثقافتی احترام اور جمہوری وابستگی سے پھوٹی ہے۔

سردار ایاز صادق نے اپنے پارلیمانی کیریئر کے دوران وقار، رسائی اور اعتدال کی شہرت قائم کی ہے۔ بطور اسپیکر انہوں نے پارلیمانی فورمز، مکالموں اور تبادلوں کے ذریعے پاکستان کو عالمی برادری سے موثر انداز میں جوڑا ہے۔ ان کی سیاست کا انداز قیادت کے انسانی پہلو کی عکاسی کرتا ہے، جوان کے حلقے میں خوشی اور غم کے مواقع پر ان کی مسلسل موجودگی سے نمایاں ہے۔ شاذ و نادر ہی ایسا ہوا ہے کہ ان کے حلقے میں کسی غم یا مسرت کا موقع ہوا اور وہ شریک نہ ہوں۔ یہی ذاتی کردار ان کے عوامی منصب کو صداقت بخشتا اور سرحدوں سے ماورا ان کی ساکھ کو مضبوط کرتا ہے۔

ڈھاکہ میں تدفین کی تقریبات کے دوران ایک نہایت معنی خیز لمحہ وہ تھا جب سردار ایاز صادق اور بھارتی وزیر خارجہ ڈاکٹر سبرامنیم جے شنکر کے درمیان مختصر ملاقات ہوئی، جو بھارت کی نمائندگی کے لیے موجود تھے۔ پاکستانی اسپیکر کو دیکھ کر بھارتی وزیر خارجہ خود آگے بڑھے اور چند نرم الفاظ کا تبادلہ کیا۔ ایک ایسے خطے میں جہاں سفارتی میل جول اکثر احتیاط اور فاصلے سے عبارت ہوتا ہے، یہ اشارہ خاموش مگر گہری علامت کا حامل تھا۔ اس سے سردار ایاز صادق کی مفاہمتی شبیہ کا اعتراف بھی جھلکتا تھا اور یہ تسلیم بھی کہ جمہوری منصب کا احترام دو طرفہ کشیدگی سے بالاتر ہو سکتا ہے۔

اس مختصر تبادلے میں وہ کچھ ہو گیا جسے رسمی سفارت کاری برسوں سے حاصل نہ کر سکی۔ فضا میں جمی ہوئی کشیدگی لمحہ بھر کو ڈھیلی پڑ گئی اور دیرینہ مخاصمت کا بوجھ جیسے کچھ دیر کے لیے ہلکا ہو گیا۔ یوں محسوس ہوا گویا جنوبی ایشیائی سیاست کی تجمد زمین پر پگھلاؤ کی پہلی نشانیاں ظاہر ہو رہی ہوں۔ ایسے لمحات اگرچہ غیر رسمی اور عارضی ہوتے ہیں، مگر اکثر تبدیلی کے ابتدائی اشارے بھی بنتے ہیں۔ تاریخ بتاتی ہے کہ علاقائی امن شاذ ہی عظیم اعلانات سے جنم لیتا ہے؛ اس کی ابتدا انسانی اشاروں، باہمی احترام اور ہمدردی کے مشترکہ دائروں سے ہوتی ہے۔

اس ملاقات کو علاقائی روابط کی تجدید کا ممکنہ پیش خیمہ سمجھنا غیر حقیقت پسندانہ نہیں۔ سارک جیسے ادارے، جو سیاسی تنازعات کے باعث طویل عرصے سے مفلوج ہیں، غربت، ماحولیاتی تبدیلی، تجارت اور سلامتی جیسے مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اب بھی ناگزیر ہیں۔ جنوبی ایشیا، جہاں دنیا کی تقریباً ایک چوتھائی آبادی بستی ہے، مستقل بیگانگی کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ اجتماعی غم کے لمحے میں روشن کی گئی خیر سگالی کی ایک چھوٹی سی شمع بھی مکالمے اور تعاون کی راہ روشن کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

یوں اس سوگوار موقع پر پاکستان کی نمائندگی کے لیے اسپیکر سردار ایاز صادق کو بھیجنے کا فیصلہ دانائی، دور اندیشی اور ثقافتی حساسیت کا مظہر تھا۔ اس نے جنوبی ایشیائی روایت کی پاسداری کی، جمہوری اقدار کی تجدید کی، بنگلہ دیش کے ساتھ تعلقات کو تقویت دی اور خطے میں مفاہمت کے لیے نہایت لطیف انداز میں گنجائش پیدا کی۔ سخت بیانیے اور جامد موقف کے اس دور میں ایسے اقدامات ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ غم میں وقار، طرزِ عمل میں انکسار اور سیاست میں انسانیت آج بھی امن کے طاقتور ترین اوزاروں میں شمار ہوتے ہیں۔

اب سنگل نہیں ڈبل چاہیے

گلزار ملک

سال 2025 کا اختتام اور نیا سال 2026 کا آغاز ہوا چاہتا ہے آنے والا نیا سال ہم سب اور ملک و قوم کے لیے بہتری و سلامتی کا باعث ثابت ہو اور ہم پاکستان کے لیے ہمیشہ دعا گو ہیں کہ یہ ملک امن، خوشحالی اور ترقی کی راہوں پر گامزن ہو۔ اللہ کرے یہ سال ہمیں مل کر آگے بڑھنے، کامیابیاں حاصل کرنے اور ایک مضبوط و مستحکم قوم بننے کا موقع دے۔ آئیں ہم اپنے اتحاد، یقین اور باہمی ہم آہنگی کو مضبوط کریں اور ایک روشن مستقبل کی جانب بڑھیں۔ ایک دوسرے کا خیال کریں اور ہر کسی کے دکھ درد میں اس کا ساتھ دیں کسی کے دکھ اور تکالیف کا ازالہ کریں خالی نعروں اور جذباتی تقاریر میں کیے ہوئے وعدوں کو نبھائیں مگر انتہائی دکھ اور افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ ہم نے کبھی اس طرف کوئی دھیان نہیں دیا چلیں پچھلے سال جو کام ہم نہیں کر سکے وہ اس سال میں ہی کر دکھائیں وہ انسان بڑا عظیم ہے جو دوسروں کی مشکلات کا ازالہ کرتا ہے اور ان کے دکھ درد کو سمجھتا ہے اللہ نے آپ کو اگر یہ توفیق دی ہوئی ہے تو پھر آپ کو لوگوں کی مشکلات کا ازالہ کرنا چاہیے

پنجاب کی ایک معروف سڑک جس پر سے گزرتے ہوئے لوگوں کو ٹریفک کے شدید دباؤ کی وجہ سے شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یہ اہم سڑک جو اس وقت ضلع قصور کو چھ مختلف اضلاع ننکانہ صاحب، فیصل آباد، جھنگ، لیہ، بھکر، ڈیرہ اسماعیل خان سے ملاتی ہے اور اب یہ سڑک ایک طویل عرصہ سے ٹریفک کا شدید دباؤ ہونے کی وجہ سے یہ سنگل سڑک ناکافی ہو گئی ہے۔ اب اس سڑک کا ڈبل ہونا بہت ضروری ہو گیا ہے جو کہ اس وقت اشد ضروری ہے اب اس سڑک سے گزرنے والی گنے سے لدی ہوئی ٹرالیاں اور اینٹوں سے بھری ہوئی ٹرالیاں بھی اسی سڑک سے ہی گزر کر شہر لاہور اور دیگر شہروں کو جاتی ہیں اور ننکانہ صاحب سے اوکاڑہ کے لیے جانے والی مسافر ٹرانسپورٹ بھی اسی راستہ سے ہی گزرتی ہے اس سڑک پر ٹریفک کا جام ہونا روز کا معمول بنتا جا رہا ہے۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ سڑک پر بھائی پھیرو/ پھول نگر اور موڑ کھنڈا کے درمیان میں سے گزرنے والے دریائے راوی پر انگریز دور کا ہیڈ بلوکی ورکرس اور رانا سفاری پارک جیسی خوبصورت سیر گاہیں موجود ہیں جہاں پر دنیا بھر سے سیاح سیر کی غرض سے آتے جاتے رہتے ہیں۔ جو یہاں پر خوب انجوائے کرتے ہیں جبکہ ان جگہوں پر آنے کے لیے متبادل اور کوئی سڑک نہ ہے۔ اس کے ساتھ یہ بھی بتاتا چلوں کہ بھائی پھیرو /پھول نگر ایک قدیمی شہر ہے اس شہر میں سکھوں کی عبادت گاہیں اور لنگر خانے آج بھی ہیں جن کی باقیات آج بھی موجود ہیں اس شہر کے قریب سکھوں کا قدیمی شہر ضلع ننکانہ صاحب اس طرح ان دونوں شہروں کو ملانے کے لیے بھی یہ سڑک کام آتی ہے۔ بھائی پھیرو /پھول نگر اور گردونواح کے لیے عبدالحکیم موٹروے کا قریب ترانٹر چینج ننکانہ صاحب ہی ہے اس بنا پر بھائی پھیرو موڑ کھنڈا روڈ کا ون وے ہونا انتہائی ضروری ہے ان چھ اضلاع کی رابطہ سڑک کی وجہ سے اس روڈ پر ٹریفک کا کافی رش ہوتا ہے ہیڈ بلوکی روڈ پر ٹریفک کا جام ہونا روز کا معمول بن چکا ہے۔ اور یہ بھی یاد رہے کہ اس روڈ پر رانا سفاری پارک کی وجہ سے بھی ٹریفک معمول سے زیادہ ہوتی ہے۔ اس روڈ کو ڈبل کرنے سے بھائی پھیرو اور قرب وجوار کے لوگوں کو عبدالحکیم موٹر وے کے لیے ننکانہ صاحب انٹرچینج تک رسائی ہوگی لوگوں کے فیول اور وقت کی بچت ہوگی۔ اس روڈ سے ملحقہ دوسرے روڈز بہت پہلے کے ون وے ہو چکے ہیں مگر یہ روڈ ابھی تک پنجاب حکومت کی نظر التفات کی منتظر ہے۔ اس روڈ کو ڈبل کرنے اور ساتھ ہی دریائے راوی اور اس کی ملحقہ نہروں پر نئے پلوں کی تعمیر انتہائی ضروری ہے اس روڈ کو ڈبل کرنے سے جہاں ٹریفک کی روانی بہتر ہوگی وہاں علاقے کے مکینوں کو بھی سہولیات حاصل ہوں گی بھائی پھیرو/ پھول نگر اور گردونواح کے لوگوں کو عبدالحکیم موٹروے تک رسائی میں بھی آسانی ہوگی اس علاقے کی خوش قسمتی یہ بھی ہے کہ اس علاقہ سے سابق سپیکر پنجاب اسمبلی رانا محمد اقبال خان جو کہ اس وقت صوبائی وزیر قانون ہے اور رانا سکندر حیات جو کہ صوبائی وزیر تعلیم ہیں ان کے والد رانا محمد حیات خان ایم این اے ہیں اور اسی حلقہ سے سردار طالب حسن نکئی بار ایم این اے رہ چکے ہیں۔ باوجود اس کے یہ بات سمجھ سے باہر ہے کہ یہ سڑک ابھی تک ڈبل کیوں نہیں ہوئی؟ جبکہ اب اس سڑک کا ڈبل ہونا بھی بہت ضروری ہے کیونکہ ٹریفک کا دباؤ اس قدر بڑھ چکا ہے کہ لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بھائی پھیرو پریس کلب کے بانی سدا بہار پنجاب پریس کلب چیئرمین حاجی عبدالحفیظ آثم، پریس کلب کے بانی سینئر صحافی ملک عبدالحفیظ شاہد، مقامی صحافی واستاد وقاص احمد، سینئر صحافی حاجی ظہور احمد عزیز، مقامی صحافی پروفیسر ڈاکٹر محمد افضل شاغف، مقامی صحافی عبدالحفیظ فوٹو گرافر، جے یو پی کے مقامی رہنما مولانا مشتاق احمد نورانی اور اسد اللہ حیدر، سردار محمد قمر ڈوگر اور دیگر سینکڑوں شہریوں نے وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ سے مطالبہ کیا ہے کہ بھائی پھیرو سے ننکانہ صاحب اور فیصل آباد کو جانے والے روڈ کو فی الوقت ڈبل کیا جائے تاکہ ٹریفک کا شدید دباؤ کم ہو سکے اور شہریوں کی مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔

شہر قائد

سینیٹر سید مسرور احسن سے سرپرست اعلیٰ طلبہ اسلام کراچی صاحبزادہ ولید رضا ملاقات کررہے ہیں

درپیش بحرانات میں قرآن وسنت کی تعلیمات سب سے مؤثر حل ہیں، صوفی ارشد کاظمی

ہمارے معاشرے کو آج سب سے بڑا خطرہ نفرت، انتشار، انتہا پسندی، سماجی بگاڑ اور اخلاقی زوال سے ہے

کراچی (پ۔ر) تحریک اہلسنت پاکستان کے صوبہ سندھ کے صدر پیر طریقت صوفی سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ پاکستان کو درپیش موجودہ معاشرتی، اخلاقی اور سیاسی بحرانوں سے نجات کے لیے قرآن وسنت کی تعلیمات، سیرت مصطفیٰ ﷺ اور اخلاقی وسماجی شعور سب سے مؤثر حل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے معاشرے کو آج سب سے بڑا خطرہ نفرت، انتشار، انتہا پسندی، سماجی بگاڑ اور اخلاقی زوال سے ہے اور ان مسائل کا حل صرف اور صرف اسلامی اخلاق، رواداری، تعلیم اور اتحاد امت میں مضمر ہے۔ پیر ارشد علی شاہ نے نوجوانوں کو تعلیم وتربیت، دینی شعور اور اخلاقی اقدار کی بنیاد پر ایک مضبوط نسل بنانے کی ضرورت پر زور دیا کیونکہ یہ نسل پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد ایک ایسا معاشرہ قائم کرنا ہے۔

بزرگان دین کی تعلیمات رہتی دنیا تک کے لیے مشعل راہ ہیں، مفتی اکمل قادری

کراچی (پ۔ر) نظام مصطفیٰ ﷺ کا نفاذ، ناموس رسالت ﷺ کا تحفظ اور عقیدہ ختم نبوت کا دفاع ہر اہل سنت کا فرض ہے اور یہی اصل رہنمائی ہے جس پر ہمیں اپنی زندگی وقف کرنی چاہیے، حضرت مفتی ابوالفیض محمد طفیل نقشبندی قادریؒ کی تعلیمات اہل سنت کے لیے مشعل راہ ہیں، ان کی علمی و روحانی خدمات ہر دور میں امت مسلمہ کے لیے رہنمائی کا ذریعہ رہی ہیں، اتحاد، اخوت اور روحانیت کی فضا قائم رکھنا اور فکر اعلیٰ حضرت کو فروغ دینا ہماری ذمہ داری ہے۔ یہ باتیں جامعہ غوثیہ طفیلیہ ٹرسٹ گلفشاں سوسائٹی شاہ فیصل ٹاؤن میں 38ویں سالانہ عرس مبارک حضرت مفتی ابوالفیض محمد طفیل نقشبندی قادری کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہیں۔ اجتماع کی صدارت پیر طریقت حضرت علامہ فضل الرحمٰن مجددی نے کی جبکہ سرپرستی و میزبانی مفتی ابوالحسن محمد فیض قادری نے انجام دی، مہمان خصوصی حضرت علامہ کرنل ریٹائرڈ پیر سید جاوید سعید شاہ کاظمی (ملتان) تھے۔

شاہراہ فیصل پر نئی سولر اسٹریٹ لائٹس کا افتتاح

شاہراہ بھٹو، مرغی خانہ برج اور دیگر اہم منصوبوں پر تیزی سے کام ہو رہا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ 2026، ترقیاتی کاموں کا سال ہے اور الیکشن کے دوران عوام سے کیے گئے ایک ایک وعدے کو پورا کیا جائے گا۔ کیماڑی، اولڈ سٹی ایریا اور دیگر علاقوں میں عوامی فلاح کے منصوبے جاری ہیں، شاہراہ بھٹو، مرغی خانہ برج اور دیگر اہم منصوبوں پر تیزی سے کام ہو رہا ہے، جبکہ قیوم آباد سے کاٹھور تک شاہراہ بھٹو کو جلد ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا، جس سے کراچی کے ساتھ ساتھ ملتان، سیالکوٹ، لاہور اور حیدرآباد جانے والے شہریوں کو بھی سہولت ملے گی، کراچی کی تین بڑی شاہراہوں کی اسٹریٹ لائٹس کو سولر سسٹم پر منتقل کر دیا گیا ہے، جن میں شارع فیصل اور شاہراہ ایران شامل ہیں۔ 900 ملین روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والے اس منصوبے کے تحت سولر پینلز لگانے والی کمپنی پانچ سال تک آپریشن اور وارنٹی کی ذمہ دار ہوگی، جس کے نتیجے میں سالانہ تقریباً ڈھائی کروڑ روپے کے بجلی کے بلوں میں بچت ہوگی، ماضی میں کے الیکٹرک کی لوڈشیڈنگ کے باعث اسٹریٹ لائٹس بند رہتی تھیں اور بلدیہ عظمیٰ کراچی پر ناکامی کے الزامات لگائے جاتے تھے، تاہم اب عملی اقدامات کے ذریعے یہ مسئلہ حل کر دیا گیا ہے، کانوکارپس نہ تو ماحول دوست ہے اور نہ ہی انفراسٹرکچر کے لیے موزوں، اس کے باوجود اس درخت کے کاٹنے پر بلاوجہ ہنگامہ کیا جاتا ہے۔ اصل ضرورت مقامی درخت لگانے کی ہے جو ماحول، زمین اور شہری صحت کے لیے فائدہ مند ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے شارع فیصل کی اسٹریٹ لائٹس کو900 ملین روپے کی لاگت سے سولر انرجی پر منتقل کرتے کے منصوبے کا افتتاح کرتے کے موقع پر کیا، اس موقع پر سٹی کونسل میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر دل محمد اور دیگر منتخب نمائندے بھی ان کے ہمراہ تھے، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ صرف پریس کانفرنسوں، احتجاج اور منفی سیاست سے مسائل حل نہیں ہوتے، اگر پریس کانفرنسوں سے مسائل حل ہوتے تو شہر کے تمام مسائل کب کے ختم ہو چکے ہوتے۔ جماعت اسلامی کو چاہیے کہ سازشوں اور منافقت کے بجائے عملی کام کا مقابلہ کرے، میئر کراچی نے کہا کہ ہر کوئی میئر اور وزیر بننا چاہتا ہے لیکن یہ ایک کانٹوں کا تاج ہے، ہر کوئی عہدہ چاہتا ہے مگر اصل امتحان عوام کی خدمت ہے، انہوں نے کہا کہ سازشیں کرنے سے نہ ماضی میں کچھ حاصل ہوا اور نہ مستقبل میں ہوگا، اصل راستہ صرف اور صرف خدمت، برداشت اور عملی کام ہے، لڑائی جھگڑوں اور الزام تراشی سے نہیں بلکہ محنت اور خدمت سے ہی شہر آگے بڑھے گا، انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی باتوں پر نہیں بلکہ عملی کام پر یقین رکھتی ہے۔ پیپلز پارٹی کا وژن ہے کہ کراچی کے عوام کو بلاتفریق سہولیات فراہم کی جائیں۔

کراچی کو ٹوپیاں نہ کرائیں، کام کرائیں: الطاف شکور

شہر قائد کو لارے لپے پر نہیں چلایا جاسکتا، ٹھوس اقدامات کئے جائیں

کراچی (پ۔ر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے کہا ہے کہ کراچی کے انفراسٹرکچر اور گورننس کے مسائل سے نمٹنے کے لیے حکومت کا طرز عمل غلط اور منتشر ہے، کیونکہ کراچی کو پیوندکاری نہیں بلکہ مربوط اور جامع نظام کی ضرورت ہے۔ ٹوپی ڈراموں سے عوام اکتا چکے ہیں۔ مال بٹورنے کی روایات ختم کی جائے۔ ملک کو بنے ہوئے 80 سال ہو رہے ہیں اب تک مربوط نظام نہیں بنا سکے جو کہ شرم کا مقام ہے۔ مفادات کے سوداگروں نے کراچی تباہ کردیا ہے۔ شہر کی سڑکیں ایسی ہیں کہ مریض اسپتال پہنچنے سے پہلے ہی دم توڑ جاتا ہے۔ سندھ حکومت سیاسی مقاصد کے تحت لاہور کی ترقیاتی اسکیموں کی نقل کر رہی ہے، جبکہ کراچی میں بدترین گورننس اور تباہ حال انفراسٹرکچر کی بنیادی وجوہات کو نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ چند ڈبل ڈیکر بسیں درآمد کرنا مسئلے کا حل نہیں، جبکہ اصل ضرورت کراچی سرکلر ریلوے (کے سی آر) کی بحالی اور بسوں و ریل پر مشتمل ایک جدید اور مربوط پبلک ٹرانسپورٹ سسٹم کی ہے، جو کراچی کا پرانا اور جائز مطالبہ ہے۔ گذشتہ روز ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ میں گفتگو کرتے ہوئے الطاف شکور نے مزید کہا کہ کراچی کے شہری پانی جیسی بنیادی ضرورت کے لیے ٹینکر مافیا سے مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور ہیں، جسے سندھ حکومت کے بعض اہلکاروں اور وزراء کی مبینہ سرپرستی حاصل ہے۔ اربوں روپے کے اس غیر قانونی کاروبار کے خلاف کوئی مؤثر کارروائی نہیں کی جا رہی، جبکہ شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔

شاہراہ فیصل پر نئی سولر اسٹریٹ لائٹس کا افتتاح کردیا گیا

سندھ بھر سے

ٹھٹھہ پولیس کی سال 2025 کی کارکردگی رپورٹ پیش

2025 کے دوران ضلع بھر میں درج ہونے والے 1924 مقدمات میں 3047 ملزمان کو گرفتار کیا

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ٹھٹھہ پولیس نے سال 2025 کی کارکردگی رپورٹ پیش کردی عوام نے پولیس کی کارکردگی کو سراہا ہے۔ ایس ایس پی ٹھٹھہ فاروق احمد بجارانی کی سربراہی میں سال 2025 کے دوران ٹھٹھہ پولیس کی کارکردگی کی تفصیلات درج ذیل ہیں۔ ٹھٹھہ پولیس نے سال 2025 کے دوران ضلع بھر میں درج ہونے والے 1924 مقدمات میں 3047 ملزمان کو گرفتار کیا۔ اس دوران ایکٹو کرمنلز کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے 324 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا، 89 پولیس مقابلوں کے دوران 74 جرائم پیشہ گینگز کا خاتمہ کیا جن میں سے 1 ملزم مارا گیا، 27 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف آرمس ایکٹ کے تحت 125 مقدمات درج کرکے 125 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ 1 کلاشنکوف، 2 رائفل، 8 ریپٹر، 114 پسٹل اور ریوالور اور 275 راؤنڈز برآمد کرلیے گئے۔ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے 3 بلائنڈ مرڈر کیسز حل کرکے اصل ملزمان کو گرفتار کیا جبکہ اس کے علاوہ ڈکیتی کے 6 کیسز اور رابری کے 46 کیسز حل کرکے 77 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ 269 روپوش اور اشتہاری ملزمان گرفتار کیے۔ گٹکا ماین پوری و دیگر گٹکا میٹریل کے 565 مقدمات درج کیے جن میں 895 ملزمان کو گرفتار کیا گیا اور گرفتار ملزمان کے قبضے سے 67182 کلو گٹکا میٹریل اور 186 گاڑیاں برآمد کی گئیں۔ نارکوٹکس کے 421 کیسز درج کیے جن میں 665 ملزمان گرفتار کرلیے گئے اور ان کے قبضے سے 117 کلو چرس، بھنگ 9 کلو، آئس 0.5 کلو 9635 لیٹرز دیسی شراب اور وہسکی پیٹس برآمد کرلی گئیں۔ 5 چوری شدہ فور ڈبل گاڑیاں، 65 موٹر سائیکلیں اور [illegible] مالکان کے حوالے کیے گئے۔ ایس ایس پی آفس [illegible] میں قائم شکایاتی سیل میں 2025 کے دوران وزیر اعظم پورٹل، چیف منسٹر آف سندھ، آئی جی پی سندھ، کورٹ اور براہِ راست موصول ہونے والی 2165 درخواستوں میں سے 110 کیسز درج کروائے گئے۔

تقریبات نئی نسل کو ثقافتی اقدار سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، زرینہ اوڈھو

گھوٹکی (پاکستان بلیٹن) گھوٹکی گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسکول کی سینئر پرنسپل زرینہ اوڈھو نے کہا کہ سندھ کی ثقافت ہماری شناخت ہے جو محبت، امن اور بھائی چارے کا درس دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی تقریبات نئی نسل کو اپنی روایات اور ثقافتی اقدار سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ تقریب سے وائس پرنسپل رابعہ ظہور نے اپنے خطاب میں کہا کہ سندھی ثقافتی دن منانے کا مقصد طالبات میں اپنی تہذیب، روایات اور ثقافتی اقدار سے محبت پیدا کرنا ہے۔

میرپورخاص: میونسپل کارپوریشن کے ملازمین بقایاجات کی عدم ادائیگی کے خلاف مسلسل ساتویں روز احتجاج کررہے ہیں

نوشہرو فیروز: ڈسٹرکٹ بار انتخابات میں دو بڑے گروپ آمنے سامنے

محراب پور (پاکستان بلیٹن) نوشہرو فیروز ڈسٹرکٹ بار انتخابات میں دو بڑے گروپ آمنے سامنے، تین سال بعد دوبدو سخت مقابلے کا امکان، تین سال مسلسل صدر رہنے والے عبدالرحیم عباسی نے تین سال بعد جی ایم عباسی پروگریسو انڈیپنڈنٹ پینل کے پلیٹ فارم سے اپنی پوری ٹیم کے ہمراہ ڈسٹرکٹ بار انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی جمع کراوئے ہیں، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عبدالرحیم عباسی نے کہا کہ ہم مسلسل تین سال خاموش رہے مگر اب یہ واضح ہو چکا ہے کہ وکلاء کی عزت و وقار میں کمی آچکی ہے، عدلیہ سے لیکر افسر شاہی تک وکلاء کو وہ احترام نہیں مل رہا جس کے وہ حقدار ہیں، مخالف پینل ڈسٹرکٹ بار میں عزت کھو بیٹھا ہے، بار ویلفیئر کے فنڈز اکاؤنٹ سے نکلوانے کے معاملے پر آج تک کوئی تسلی بخش جواب نہیں دیا گیا، وکلاء کی مسلسل احتجاجی آوازوں کے بعد میں دوبارہ میدان میں آیا ہوں، گذشتہ چار سال سے یہی لوگ بار کے عہدیدار رہے مگر نہ بار کا تقدس بحال کر سکے اور نہ ہی وکلاء کو ان کا جائز مقام دلا سکے، وکلاء کی عزت اور وقار کی بحالی کیلئے ہم میدان میں اترے ہیں ہمارا پینل بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگا۔

ایک اور دلبرداشتہ نوجوان نے زندگی کا چراغ گل کرلیا

محراب پور (پاکستان بلیٹن) خودکشی کے واقعات میں اضافہ، مزید ایک اور دلبرداشتہ نوجوان نے زندگی کا چراغ گل کرلیا، خودکشی کا واقعہ کنڈیارو پولیس تھانہ کی حدود میں پیش آیا جہاں پر پیرزادہ محلہ کے رہائشی اظہر پیرزادہ نے کنڈیارو ریگولیٹر کے پاس روہڑی کینال میں چھلانگ لگا دی، اقدام خودکشی واقعہ کی اطلاع ملنے پر پولیس اور ورثاء موقع پر پہنچ گئے اور مقامی غوطہ خوروں کی مدد سے نعش کی تلاش شروع کردی ہے چندروز قبل گاؤں سانوں منگریو میں 15 سالہ نوجوان بلال علی منگریو ولد محمد پچل منگریو نے بھی مبینہ گھریلو ناراضگی کے باعث زہریلی گولیاں کھا کر خودکشی کرلی تھی، علاقے میں خودکشی کا بڑھتا ہوا رجحان پر سماجی تنظیموں کیساتھ شہری اور سیاسی تنظیموں کو مشاورت کر کے خودکشی کے اسباب کا جائزہ لینا چاہیے۔

مویشی چوری کی واردات، نوجوان موٹر سائیکل سے محروم

محراب پور (پاکستان بلیٹن) مویشی چوری کی واردات، نوجوان موٹر سائیکل سے محروم، پولیس نے 2 منشیات فروش، 1 رہزن کی گرفتاری کا دعوی کردیا، بکری پولیس تھانہ کی حدود میں کمال ڈیرو کے گاؤں چنو سولنگی میں مسلح افراد نے خادم حسین سولنگی کے گھر اور مویشی باڑے میں داخل ہو کر وہاں موجود لوگوں کو اسلحہ کے زور پر یرغمال بنا کر اعلی نسل کے 7 قیمتی بکرے، نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے مقامی افراد نے پولیس کھوجی کیساتھ تعاقب بعد کچے میں ایک گھر کا گھیراؤ کرلیا ہے، دوسری طرف سندھی نیوز چینل ٹھاروشاہ کے کیمرامین عرفان عالمانی سے رہزنوں نے پیر صادق کے قریب موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون چھین لیا، دوسری طرف سی آئی اے پولیس نوشہرو فیروز نے ایک کارروائی میں جمن لوڈھو کو 530 گرام چرس سمیت گرفتار کرلیا، ہالانی پولیس نے ایک کارروائی میں سراج ابڑو کو 3 بوتل شراب سمیت گرفتار کرلیا۔

میرپورخاص کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہوگیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہوگیا، منتخب نمائندے غائب۔ عوام اور سول سوسائٹی کا منتخب نمائندوں، حکمران جماعت اور اداروں پر سنگین الزامات کی بھرمار کردی۔ میرپورخاص شہر میں بدترین گندگی، سیوریج کے ابلتے پانی، لاقانونیت اور راتوں رات ہونے والی انکروچمنٹ نے شہری زندگی مفلوج کردی ہے جبکہ عوامی مسائل پر منتخب نمائندوں کی پراسرار خاموشی نے غم و غصے کو جنم دے دیا ہے۔ عوام اور سول سوسائٹی نے الزام عائد کیا ہے کہ حکمران جماعت الیکشن کے دنوں میں ووٹ لینے کے لئے شہریوں کے پاؤں پکڑتی ہے۔

محراب پور: ڈسٹرکٹ بار انتخابات میں فارم جمع کروانے پر عبدالرحیم عباسی صحافیوں سے گفتگو کررہے ہیں

دو ٹریفک حادثات میں 9 افراد زخمی

محراب پور (پاکستان بلیٹن) دو ٹریفک حادثات میں 9 افراد زخمی، پہلا حادثہ کنڈیارو پولیس تھانہ کی حدود میں قومی شاہراہ پر کھوسو، منگریا پل کے پاس ہوا جہاں پر سڑک کی تعمیر کے باعث سنگل روڈ پر تیز رفتار مسافر کوچ ٹرالر سے ٹکرا گئی اس حادثے میں پانچ افراد زخمی ہو گئے جنہیں اسپتال منتقل کر دیا، دوسرا حادثہ مورو پولیس تھانہ کی حدود میں گھیرو بائی پاس پر ہوا۔

بقیہ نمبر 01

کہ کچرے کو کم کرنے، ری سائیکلنگ اور پائیدار کھپت کے طریقوں سے ماحول کو صاف ستھرا اور محفوظ بنایا جا سکتا ہے، کرہ ارض کو آلودگی سے پاک کرنا مشترکہ ذمہ داری ہے، عالمی شہرت یافتہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت پنجاب کے ہر شہر کو زیرو ویسٹ کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پہلی مرتبہ ویسٹ مینجمنٹ پروگرام کو عالمی سطح پر بھی پذیرائی مل رہی ہے، کوڑا اور گندگی کے ڈھیر موسمیاتی تبدیلی، فطرت اور حیاتیاتی تنوع کے نقصان اور آلودگی کے مسائل میں اضافہ کرتا ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں کو سرسبز جنگل اور سولر پارک میں بدلا جا رہا ہے، پلاسٹک بیگز پر پابندی سے زیرو ویسٹ کے اہداف کو پورا کیا ہے، صوبے بھر میں کسانوں کو ایگریکلچر ویسٹ مینجمنٹ کیلئے سبسڈی پر سپر سیڈرز فراہم کر رہے ہیں۔ وزیراعلی پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ پہلی مرتبہ فیکٹریوں اور صنعتوں میں ماحولیاتی قوانین کا نفاذ یقینی بنایا جا رہا ہے، پنجاب میں زیرو ویسٹ کیلئے جدید الیکٹرک وہیکلز اور مشینی نظام متعارف کرایا گیا ہے، صوبے میں کچرے سے توانائی یا دیگر اشیا تیار کرنے کے لئے ویسٹ ٹو ویلیو منصوبے شروع کئے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 02

جس پر قابو پانے کی کوششیں کی گئیں۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ بیسمنٹ تک رسائی کے لیے دروازوں کو کٹر کے ذریعے کاٹا گیا۔ حکام کے مطابق آگ لگنے کی وجوہات فوری طور پر معلوم نہیں ہو سکیں، تحقیقات کے بعد حتمی طور پر اعلان کیا جائے گا۔ چیف فائر آفیسر ہمایوں خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ فائر بریگیڈ کو صبح 6 بجے آگ کی اطلاع ملی، جس کے بعد صدر اسٹیشن سے فوری طور پر گاڑیاں روانہ کی گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ ابتدائی طور پر بیسمنٹ میں آگ لگی تھی جسے بجھا دیا گیا تھا بعد ازاں گراؤنڈ فلور پر اسپائس پر بھی آگ پھیلی، جس پر قابو پانے کی کوشش کی گئی۔ آگ لگنے کے وقت اسٹاف اندر موجود نہیں تھا۔

بقیہ نمبر 03

فی تولہ سونے کی قیمت میں 3 ہزار 900 روپے کا اضافہ ہوا ہے، جس کے بعد فی تولہ سونا 4 لاکھ 75 ہزار 962 روپے کا ہو گیا ہے، اسی طرح 10 گرام سونے کی قیمت 3 ہزار 343 روپے اضافے کے ساتھ 4 لاکھ 8 ہزار 60 روپے تک پہنچ گئی ہے۔ دوسری جانب چاندی کی قیمت میں بھی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جہاں 24 قیراط فی تولہ چاندی 70 روپے مہنگی ہو کر 7 ہزار 524 روپے ہو گئی ہے۔ عالمی مارکیٹ میں بھی سونے کی قیمت میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جہاں فی اونس سونا 39 ڈالر اضافے کے بعد 4 ہزار 532 ڈالر تک جا پہنچا ہے۔

بقیہ نمبر 04

سال 2026-2027 کے بجٹ کی تجاویز پر کام جاری ہے جبکہ پارلیمانی منظوری کے بغیر اضافی گرانٹس کے اجرا پر پابندی ہے۔ وزارت خزانہ میں ٹیکس پالیسی آفس فعال کر دیا گیا، جس کی مدد سے بار بار بجٹ میں تبدیلیاں روکنے کیلئے اقدامات کیے جائیں گے۔ اعلامیے کے مطابق حکومت کی جانب سے آئی ایم ایف کو یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ حکومتی اخراجات اور بجٹ میں ہم آہنگی بہتر ہوگی، حکومت نے بجٹ بنانے کا طریقہ مزید شفاف بنانے کی یقین دہانی کرا دی۔ نئے مالی سال کے بجٹ میں بھی ہنگامی فنڈز رکھا جائے گا، رواں مالی سال اس مد میں 300 ارب روپے مختص کیے گئے تھے۔ وزارت خزانہ کے متعلقہ دفاتر کو بجٹ اصلاحات کی ذمہ داری سونپ دی گئی، بجٹ پر مکمل کنٹرول کیلئے نئے اصول متعارف کرائے جائیں گے۔ نئی حکمت عملی کے تحت سرمایہ کاروں اور عالمی اداروں کا اعتماد بڑھانے پر زور دیا گیا ہے۔ وزارت خزانہ حکام کے مطابق رواں مالی سال مشرق وسطی کشیدگی سے ترقیاتی بجٹ پر کٹ لگانا پڑا، آئندہ سال ترقیاتی منصوبوں کو سال کے درمیان کٹوتیوں سے بچانے کی کوشش ہوگی۔

بقیہ نمبر 05

آل جرائم کم ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں جرائم کم ہوئے ہیں، بہت سی چیزوں میں بہتری آئی ہے، اس واقعے کی تفصیل بھی آپ کے سامنے رکھیں گے۔ وزیر مملکت داخلہ نے مزید کہا کہ اس طرح کی وارداتیں، اندھے قتل کیسز میں ملوث ملزمان پکڑے گئے ہیں، کچھ پولیس مقابلوں میں مارے گئے اور کچھ جیلوں میں قید ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کوئی کیس ایسا نہیں جس میں ملوث افراد پکڑے نہ گئے ہوں، اس واقعے میں ملوث لوگوں کو بھی جلد پکڑ کر سامنے لائیں گے۔

بقیہ نمبر 06

تقریب سے خطاب کرتے پی آئی اے کی پرواز کو اہم سنگ میل قرار دیا، انہوں نے کہا کہ پی ائی اے کی پرواز پاکستانیوں کی دل کی آواز ہے اور اس کو بڑھنا چاہئے۔ ترجمان ہیتھرو ایئرپورٹ کا کہنا ہے کہ پی ائی اے کا ہمارے ساتھ 7 دہائیوں پر مشتمل رشتہ ہے، پی ائی اے کو تہہ دل سے خوش آمدید کہتے ہیں، آج ہمارا پرانا دوست واپس آ گیا۔

بقیہ نمبر 07

کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسکولوں کی بحالی، اساتذہ کی بھرتی اور تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے اصلاحات متعارف کرانے کے ساتھ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو بھی فروغ دیا جا رہا ہے، مہنگائی کے اثرات کو کم کرنے کے لیے پرائس کنٹرول میکنزم کو مؤثر بنایا گیا ہے، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں، سستے بازاروں اور سبسڈی پروگرامز کے ذریعے عوام کو ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ عوامی شکایات کے ازالے کے لیے مؤثر نظام قائم کیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کے مسائل کا فوری حل ممکن ہو سکے۔ ملاقات میں صحافیوں اور میڈیا پاسز کو درپیش مسائل، ان کے حل اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 08

ہوئے مزمل اسلم کا کہنا تھا کہ ایران اسرائیل جنگ سے چھ ہفتے قبل سٹاک مارکیٹ بھی حکومت کا ساتھ چھوڑ گئی تھی، 26 جنوری کو سٹاک انڈیکس 191,000 پوائنٹس تھی جبکہ آج 148,000 پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سٹاک مارکیٹ میں 43,000 پوائنٹس کی کمی ہوئی ہے جو 22.5 فیصد بنتی ہے، مجموعی طو پر سٹاک ایکسچینج کا مارکیٹ کیپٹلائزیشن 75.5 ارب ڈالر سے کم ہو کر 59 ارب ڈالر پر آ گیا ہے جس کا مطلب ہے کہ سرمایہ کاروں کے 16.5 ارب ڈالر ڈوب گئے ہیں۔ مزمل اسلم کا کہنا تھا کہ اگر پاکستانی روپے میں حساب لگایا جائے تو 4,600 ارب روپے بنتے ہیں، آج پاکستان کے پاس 3,300 ارب ہوتے تو بھاشا، مہمند، اور داسو ڈیمز کی تعمیر ہو جاتی، جبکہ 2100 ارب روپے سے ایک ایم ایل نائن (ML9) کی تعمیر ہو سکتی ہے۔ وزیر خزانہ خیبر پختونخوا نے مزید کہا کہ اندازہ لگائیں اتنی بڑی گراوٹ میں کتنے سرمایہ کار سڑک پر آ گئے ہوں گے، کتنے سرمایہ کار مقروض اور کتنوں کے اثاثوں کی نیلامی ہو چکی ہوگی۔

بقیہ نمبر 09

حقیقی، غیر معقول اور حد سے متجاوز ہیں۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ ایران ہر جگہ اپنے شہریوں کے حقوق کا تحفظ کرے گا، امید ہے متحدہ عرب امارات ایرانی شہریوں کے ساتھ دور اندیشی سے پیش آئے گا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ لبنان میں ایران کے سفیر بیروت میں اپنی ذمہ داریاں جاری رکھیں گے، یوکرین تنازع کو امریکا اسرائیل کی ایران کے خلاف جنگ سے جوڑنا تباہ کن غلط فہمی ہے۔ خیال رہے کہ مشرق وسطی میں ثالثی کے لیے مصر، سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے وزرائے خارجہ کا اسلام آباد میں اجلاس ہوا جس میں ثالثی کی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 10

ہوگی۔ درخواست کے مطابق ایک ماہ کے لیے بجلی 1 روپے 64 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان ہے، منظوری کی صورت میں صارفین پر 14 ارب روپے سے زائد کا اضافی بوجھ پڑے گا۔

بقیہ نمبر 11

مقامی رہائشیوں کے مطابق حیران کن طور پر اطراف کے علاقوں میں گیس کی فراہمی معمول کے مطابق جاری ہے، تاہم قائم خانی کالونی مسلسل اس بنیادی سہولت سے محروم ہے، جس نے کئی سوالات کو جنم دے دیا ہے۔ عوامی حلقوں میں اس بات پر تشویش پائی جا رہی ہے کہ آیا یہ صورتحال کسی سازش کا نتیجہ ہے یا پھر ایل پی جی مافیا کی ملی بھگت سے جان بوجھ کر گیس بند رکھی گئی ہے تاکہ مہنگے داموں سلنڈر فروخت کیے جا سکیں۔ رہائشیوں کا کہنا ہے کہ ایل پی جی کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں اور ایک کلو گیس 410 روپے تک پہنچ چکی ہے، جبکہ ایک عام گھرانے میں روزانہ کم از کم ایک کلو گیس استعمال ہو جاتی ہے، جو غریب طبقے کے لیے ناقابل برداشت بوجھ بن چکی ہے۔ علاقہ مکینوں نے شکایت کی کہ منتخب نمائندے مصطفی کمال کو اس سنگین مسئلے کا ادراک نہیں، جس کے باعث ان کی عوامی ساکھ کو شدید نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ دوسری جانب یوسی چیئرمین کی جانب سے بھی اس مسئلے پر کوئی مؤثر اقدام سامنے نہیں آیا، جس پر شہریوں میں مایوسی بڑھ رہی ہے۔ مزید برآں، علاقے میں سیوریج کے مسائل، گٹر کے ڈھکنوں کی عدم دستیابی اور بجلی کی اوور لوڈ شیڈنگ جیسے مسائل پہلے ہی موجود ہیں، تاہم گیس کی مکمل بندش نے صورتحال کو مزید گھمبیر بنا دیا ہے۔ دریں اثنا، علاقے میں رہنے والی مختلف برادریوں کے عمائدین نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر فوری طور پر گیس کی فراہمی بحال نہ کی گئی تو بڑے پیمانے پر احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ غریب عوام کو اس طرح بنیادی سہولت سے محروم رکھنا کسی صورت قابل قبول نہیں، اور اگر متعلقہ اداروں نے سنجیدہ اقدامات نہ کیے تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا۔ اہل علاقہ نے متعلقہ اداروں، سوئی گیس حکام اور منتخب نمائندوں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر مسئلہ حل نہ کیا گیا تو نہ صرف عوامی مشکلات میں اضافہ ہوگا بلکہ اس کے سیاسی اثرات بھی سامنے آ سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 12

میں بطور وزیر منصوبہ بندی و ترقی بے پناہ مصروفیات کے باعث پارٹی قیادت نے فیصلہ کیا ہے کہ تنظیم سازی کے لیے ایک ایسا متحرک رہنما لایا جائے جو اپنا پورا وقت پارٹی کو دے سکے۔ اس سلسلے میں ن لیگ کی اعلی قیادت نے سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق کو سیکرٹری جنرل کا عہدہ سنبھالنے کی آفر کی تاہم ذرائع کا دعوی ہے کہ خواجہ سعد رفیق نے پارٹی کی اس پیشکش کو قبول کرنے سے انکار کر دیا، وہ حلقے کی سیاست اور کاروباری مصروفیات میں مصروف ہیں۔ خواجہ سعد رفیق کے انکار کے بعد ن لیگ کی قیادت نے اب دیگر سینئر رہنماؤں کے ناموں پر غور شروع کر دیا ہے۔ پارٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ جلد ہی کسی ایسے تجربہ کار رہنما کا انتخاب کیا جائے گا جو ملک بھر میں پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے کو فعال کر سکے۔ توقع ہے کہ اگلے چند روز میں نئے سیکرٹری جنرل کے نام کا باقاعدہ اعلان کر دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 13

بند کیے جانے کا امکان ہے۔ پاور سیکٹر کو 25 سے 30 ایم ایم سی ایف ڈی گیس منتقل کی جائے گی اور فرٹیلائزر سیکٹر کی گیس بھی ممکنہ طور پر بجلی کی پیداوار کے لیے مختص کی جا سکتی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کوئلے سے پیدا ہونے والی 1500 سے 1800 میگاواٹ بجلی کی پیداوار بھی خطرے میں پڑ گئی ہے، جس کے نتیجے میں 10 سے 15 فیصد بجلی پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ ساہیوال اور جامشورو کے پلانٹس کوئلے کی قلت کا شکار ہیں۔ کوئلے کا موجودہ ذخیرہ صرف 3 سے 7 دن کے لیے کافی ہے، جس کے باعث مزید 2 سے 3 گھنٹے لوڈشیڈنگ کا امکان ہے۔ دوسری جانب ایس ایس جی سی کو بھی گیس کی کمی کا سامنا ہے۔ ترجمان کے مطابق 2 گیس فیلڈز میں ٹیکنیکل وجوہات کی وجہ سے گیس کی فراہمی میں کمی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے اور اس غیر متوقع قلت کو جلد از جلد حل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 14

ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں جبکہ پروفیسر آف گائنی ڈاکٹر فرزانہ لطیف کو نواز شریف میڈیکل کالج گجرات سے لیڈی ولنگڈن ہسپتال تعینات کیا گیا ہے۔ اسی طرح سینئر رجسٹرار انستھیزیا ڈاکٹر رابعہ سرور کو سروسز ہسپتال سے، ڈاکٹر صبا قمر کو سرگنگارام ہسپتال سے اور ڈاکٹر صائقہ یاسمین کو سروسز ہسپتال سے لیڈی ولنگڈن ہسپتال تعینات کیا گیا ہے۔ محکمہ صحت کی جانب سے تعینات ہونے والے تمام ڈاکٹروں کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔

بقیہ نمبر 15

ساتھ ایک ملاقات کے دوران سامنے آئے۔ گفتگو میں غیر سرکاری تنظیم کے ملک بھر میں سماجی بہبود، صحت، تعلیم اور ہنگامی امداد سمیت مختلف شعبوں میں جاری منصوبوں پر توجہ مرکوز کی گئی۔ گورنر ہاشمی کو ہینڈز انسٹی ٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اسٹڈیز کی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی، جو ڈگری اور ڈپلومہ پروگرامز، فیلڈ ٹریننگ اور مختلف کمیونٹی پر مبنی اقدامات پیش کرتا ہے۔ مزید غور و خوض میں سندھ کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، صحت کے نظام میں بہتری اور کمیونٹی کی ترقی کی حکمت عملیوں پر بات کی گئی۔ دونوں فریقین نے مشترکہ فلاحی اہداف کے حصول کے لیے ادارہ جاتی تعاون کو مضبوط بنانے، مشترکہ پروگراموں کو آگے بڑھانے اور موجودہ شراکت داری کو بہتر بنانے پر اتفاق کیا۔ ملاقات کا اختتام عوامی فلاح و بہبود کے لیے تعاون کو وسعت دینے اور کوششوں کو تیز کرنے کے باہمی اتفاق پر ہوا۔ ڈاکٹر احمد نے گورنر ہاشمی کو فاؤنڈیشن کے زیر انتظام انسٹی ٹیوٹ کا دورہ کرنے کی باقاعدہ دعوت بھی دی۔

بقیہ نمبر 16

سے متعلق درج مقدمے کی سماعت اے ٹی سی کے جج امجد علی شاہ نے کی۔ سماعت کے دوران علیمہ خان کی جانب سے حاضری سے استثنی کی درخواست دائر کی گئی، جسے عدالت نے منظور کر لیا۔ انسداد دہشت گردی کی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے کیس کی مزید سماعت 6 مارچ تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 17

ہیں، دبئی سے آنے والی پرواز کے ایک مشکوک مسافر نے گرین چینل کے ذریعے نکلنے کی کوشش کی۔ حکام کا کہنا ہے کہ کسٹمز عملے نے جب اسے رکنے کا اشارہ کیا تو مسافر نے فرار ہونے کی کوشش کی اور انٹرنیشنل ارائیول ہال کے ایگزٹ گیٹ کی طرف دوڑ لگا دی، تاہم کسٹمز اہلکاروں نے مستعدی دکھاتے ہوئے اسے ہال سے باہر ہی قابو کر لیا۔ جامع تلاشی کے دوران مسافر کے جسم سے چھپائے گئے 102 قیمتی پروسیسرز برآمد ہوئے جن کی مالیت 70 لاکھ روپے سے زائد بتائی جا رہی ہے۔ کسٹمز حکام نے برآمد شدہ سامان کو کسٹمز ایکٹ کے تحت ضبط کر لیا ہے اور ملزم کے خلاف مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 18

کی خلاف ورزی کی، میچ ریفری نے حسن علی کو میچ فیس کا 10 فیصد جرمانہ کیا، حسن علی نے میچ ریفری کے سامنے اپنی غلطی تسلیم کر لی۔ پی سی بی کا کہنا ہے کہ حسن علی نے کوڈ آف کنڈکٹ کی لیول ون کے آرٹیکل 2.5 کی خلاف ورزی کی یہ خلاف ورزی میچ میں آؤٹ کرنے کے بعد اکسانے کے لیے زبان استعمال کرنے، ایکشن اور اشارے کرنے کے حوالے سے ہے۔ واضح رہے کہ لاہور میں کھیلے گئے میچ میں کراچی کنگز نے لاہور قلندرز کو 4 وکٹوں سے شکست سے دی۔ لاہور قلندرز نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 9 وکٹ پر 128 رنز بنائے، کراچی کنگز نے 129 رنز کا ہدف آخری اوور میں 4 وکٹوں کے نقصان پر پورا کر لیا۔

بقیہ نمبر 19

فورا بعد جب ہمایوں سعید لاہور آئے تو مداحوں اور شوبز شخصیات کی جانب سے انہیں مختلف تقریبات میں مدعو کیا جا رہا تھا۔ اسی دوران ریشم نے بھی انہیں اپنے گھر آنے کی دعوت دی، کیونکہ ان کی بھانجی ہمایوں سعید کی بڑی مداح تھیں۔ اداکارہ کے مطابق ہمایوں سعید نے دعوت قبول کی اور نہ صرف ان کے گھر آئے بلکہ ان کی بھانجی سے بڑی محبت سے ملے، اسے گود میں اٹھایا اور گلے لگایا، جس سے وہ بے حد خوش ہوگئی۔ ریشم کا کہنا تھا کہ اتنی بڑی کامیابی کے باوجود ہمایوں سعید انتہائی عاجزی کا مظاہرہ کر رہے تھے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس وقت ہمایوں سعید کچھ گھبرائے ہوئے اور حیران بھی دکھائی دے رہے تھے، جیسے انہیں خود اپنی کامیابی پر یقین نہ آ رہا ہو۔ ریشم کے مطابق جب انہوں نے ہمایوں سعید سے انٹرویو دینے کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے مسکراتے ہوئے کہا کہ وہ کیا کہیں گے، جس سے ان کی سادگی اور حقیقت پسندی جھلکتی ہے۔ ریشم نے آخر میں کہا کہ ہمایوں سعید نہ صرف ایک بڑے اسٹار ہیں بلکہ ایک نہایت نرم مزاج اور عاجز انسان بھی ہیں، اور یہی خوبی انہیں دوسروں سے منفرد بناتی ہے۔

بقیہ نمبر 20

کر خاکستر ہوگیا۔ فائر بریگیڈ حکام کا کہنا ہے کہ واقعے میں خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ آگ لگنے کی وجوہات کا فی الحال تعین نہیں کیا جا سکا۔

بقیہ نمبر 21

یوم صفر فضلہ کے موقع پر ایک پیغام میں، گورنر نے اس بات پر زور دیا کہ فضلہ پر قابو پانا، قدرتی وسائل کا تحفظ کرنا، اور ایک پائیدار طرز زندگی اپنانا دور حاضر کے اہم چیلنجز ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے ایک متحد نقطہ نظر کی ضرورت ہے، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ کمیونٹی کے اندر صفر فضلہ کے تصور کو کامیابی سے راسخ کرنے کے لیے اجتماعی کوششیں اور مشترکہ ذمہ داری کا احساس ضروری ہیں۔ گورنر ہاشمی نے مزید کہا کہ کوڑے کرکٹ میں کمی ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے میں براہ راست معاون ہے اور ملک کے قدرتی اثاثوں کا زیادہ موثر استعمال یقینی بناتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے اقدامات آنے والی نسلوں کے لیے ایک محفوظ مستقبل کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم شراکت ہیں۔ اپنے بیان کا اختتام کرتے ہوئے، گورنر نے مزید کہا کہ حکومت تعلیمی پروگراموں کے فروغ، عوامی آگاہی مہمات، اور دیگر پائیدار اقدامات کے ذریعے صفر فضلہ کے اہداف کے حصول کی فعال طور پر حمایت کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 22

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری صاحب آپ بتائیں یہ جوابات کیوں نہیں آئے، اس مسئلے کے حل کے لیے متعدد وزارتوں کے افسران سے رابطے کیے ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وفاقی سیکرٹری صحت کو فوری طلب کر لیا۔ سیکریٹری صحت کو کہیں میرے چیمبر میں آئیں۔

بقیہ نمبر 23

کے لیے جامع حکمت عملی پر تفصیلی غور کیا گیا، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت سندھ کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، انہوں نے ہدایت دی کہ مخدوش عمارتوں کی نشاندہی، ان کے مکینوں کی محفوظ منتقلی اور بعد ازاں عمارتوں کے انہدام کے عمل کو مربوط اور شفاف بنایا جائے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے، صوبائی وزیر نے کہا کہ حکومت مخدوش عمارتوں سے متعلق نئے قوانین متعارف کروا رہی ہے جن میں شفافیت کو بنیادی حیثیت حاصل ہوگی جبکہ ان قوانین میں عوامی مفاد کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا، انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت دی کہ عمارتوں کے ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو تیز کیا جائے تاکہ معلومات تک رسائی آسان ہو اور غیر قانونی تعمیرات کی بروقت نشاندہی ممکن ہو سکے، سید ناصر حسین شاہ کا کہنا تھا کہ مخدوش عمارتیں نہ صرف مکینوں بلکہ اطراف میں رہنے والے افراد کے لیے بھی سنگین خطرہ ہیں اس لیے ان کے خلاف فوری اور مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں، انہوں نے عمارتوں کے مالکان اور متعلقین پر زور دیا کہ وہ حکومت کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور حکومت ان کے جائز مفادات کا ہر ممکن تحفظ یقینی بنائے گی، اجلاس میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ مخدوش عمارتوں کے متاثرین کے خدشات کو دور کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں گے اور انہیں متبادل رہائش یا دیگر سہولیات کی فراہمی کے امکانات کا جائزہ لیا جائے گا، صوبائی وزیر نے ہدایت دی کہ مخدوش عمارتوں کو گرانے سے لے کر ان کی دوبارہ تعمیر تک کے تمام مراحل میں قوانین، میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کا اعتماد بحال رہے، ذرائع کے مطابق اجلاس میں مختلف علاقوں میں موجود خطرناک عمارتوں کی فہرست کا بھی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ اداروں کو ٹائم لائن دے کر کارروائی تیز کرنے کی ہدایت کی گئی جبکہ ماہرین کا کہنا ہے کہ حالیہ بارشوں اور عمارتوں کی خستہ حالی کے باعث کسی بھی وقت بڑے حادثات کا خدشہ ہے، جس کے پیش نظر حکومتی اقدامات انتہائی اہمیت اختیار کر گئے ہیں، سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ کراچی کو محفوظ بنانے کے لیے مخدوش عمارتوں کے مسئلے کا مستقل اور مؤثر حل نکالا جائے گا اور اس سلسلے میں تمام ادارے مشترکہ طور پر کام کریں گے۔

بقیہ نمبر 24

اصل میں 5 اپریل 2026 کو ہونی تھی۔ آج ایک رپورٹ کے مطابق، یہ فیصلہ بلوچستان کی صوبائی حکومت کی جانب سے انتخابی مقابلے کو ملتوی کرنے کی درخواست کا براہ راست نتیجہ تھا۔ صوبائی حکومت کی تاخیر کی درخواست "حلقے کے علاقے میں امن و امان کی موجودہ صورتحال" پر مبنی تھی، جس پر ای سی پی نے کارروائی روک دی۔ اس کے جواب میں، کمیشن نے صوبے کے اعلی حکام کو براہ راست مشاورت کے لیے طلب کیا ہے۔ چیف سیکریٹری اور انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان کو اب ذاتی طور پر پیش ہو کر کمیشن کو سیکیورٹی چیلنجز پر بریفنگ دینی ہوگی۔

بقیہ نمبر 25

فیصل آباد اور پشاور سے دبئی، ابوظہبی، بحرین، شارجہ، دوحہ، ریاض، جدہ اور مدینہ منورہ جانے اور آنے والی 65 پروازیں منسوخ اور 35 پروازیں تین سے سات گھنٹے تاخیر کا شکار ہوئیں، سیکڑوں عمرہ زائرین اور ہزاروں مسافر ایئرپورٹس پر پھنس گئے، ایئرلائنز نے ہنگامی حالات کے پیش نظر پروازوں کو ری شیڈول کرنا شروع کر دیا۔ فلائٹ انفارمیشن کے مطابق جنگ کی اچانک شدت نے پہلے بحال ہونے والا فضائی آپریشن دوبارہ معطل کر دیا ہے، ایران، امریکہ اور اسرائیل کی کشیدہ صورتحال کے باعث پاکستان سمیت دنیا بھر سے مشرق وسطی جانے اور آنے والی سینکڑوں پروازیں یا تو منسوخ ہو گئیں یا آدھے راستے سے واپس لوٹ آئیں۔ پروازوں کی منسوخی اور ری شیڈولنگ کے باعث مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ جیٹ فیول کی بڑھتی ہوئی قیمت نے ایئر لائنز کی مالی مشکلات مزید بڑھا دی ہیں۔

بقیہ نمبر 26

لیے تعینات کیے گئے ہیں، ام رباب چانڈیو کے گھر کے باہر بھی سیکورٹی کے اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ جوڈیشل کمپلیکس آنے جانے والے راستوں پر پولیس کی بھاری نفری تعینات ہے۔ یاد رہے کہ ماڈل کورٹ نے گزشتہ سماعت میں گواہان کے بیانات اور دلائل سننے کے بعد کیس کا فیصلہ محفوظ کیا تھا۔

بقیہ نمبر 27

تعاون پر مبنی شراکت داری موجود ہے، جو علاقائی اور بین الاقوامی امور پر قریبی ہم آہنگی اور باقاعدہ مشاورت سے عبارت ہے۔ اس تناظر میں یہ آئندہ دورہ دونوں ممالک کو علاقائی صورتحال کے ساتھ ساتھ دوطرفہ اور عالمی سطح کے باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کا موقع فراہم کرے گا۔ نائب وزیراعظم کا یہ دورہ گزشتہ روز کندھے کے فریکچر کے بعد ڈاکٹروں کی جانب سے آرام کے مشورے کے باوجود اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان اپنے چین کے ساتھ تعلقات کو کس قدر اہمیت دیتا ہے۔ خیال رہے کہ اسلام آباد میں سعودی عرب، ترکیہ، مصر اور پاکستان کے وزرائے خارجہ کا اجلاس ہوا ہے جس میں مشرق وسطی کی صورت حال، ثالثی کی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا اور خطے میں کشیدگی میں کمی پر زور دیا گیا۔ چین پاکستان کی ثالثی کوششوں کو سراہ چکا ہے اور خطے میں کشیدگی میں کمی پر بھی زور دیتا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 28

جوابی میزائل حملے سے اسرائیلی پارلیمنٹ کا اجلاس مختصر ہو گیا۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق امریکا اور اسرائیل کے ایک حملے میں تبریز پیٹروکیمیکل کمپنی کے ایک یونٹ کو نشانہ بنایا گیا ہے، ریسکیو اور آپریشنل ٹیمیں موقع پر موجود ہیں، کوئی خطرناک، زہریلا یا آلودگی پھیلانے والا مادہ خارج نہیں ہوا۔ پاسداران انقلاب ایران نے نیوی کمانڈر علی رضا تنگسیری کی شہادت کی تصدیق کر دی، اسرائیلی حملوں میں شدید چوٹوں کے باعث علی رضا تنگسیری شہید ہو گئے۔ گزشتہ ہفتے اسرائیلی وزیر دفاع نے علی رضا تنگسیری کو ہدف بنانے کا دعوی کیا تھا۔

بقیہ نمبر 29

بناتے ہوئے کہا تھا کہ ٹوری پارٹی کو صرف مسلمانوں سے مسئلہ ہے، جبکہ دیگر مذاہب کے تہواروں پر کبھی اعتراض نہیں کیا جاتا۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹریفالگر اسکوائر میں ہندو، سکھ، عیسائی اور دیگر مذاہب کے تہوار بھی باقاعدگی سے منعقد ہوتے ہیں، لیکن ٹوری پارٹی صرف اس وقت تنقید کرتی ہے جب مسلمان اپنے مذہبی فرائض یا تہوار ادا کرتے ہیں۔ برطانوی وزیراعظم نے واضح مؤقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ یہ رویہ امتیازی ہے اور اسے برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ٹوری پارٹی نسل پرست عناصر کا ساتھ دے رہی ہے۔

بقیہ نمبر 30

سرکاری اخراجات میں نمایاں کمی، ترقیاتی بجٹ میں کٹوتی اور 60 فیصد سرکاری گاڑیوں کو فوری طور پر بند کرنے جیسے اقدامات کئے ہیں، موجودہ حالات میں قربانی کا آغاز حکومتی اخراجات میں کمی سے کیا۔ انہوں نے کہا کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے کی تجاویز کو بارہا مسترد کیا گیا اور بچت سے حاصل ہونے والی رقم عوامی ریلیف کیلئے استعمال کی جا رہی ہے، ڈیجیٹل نظام کے ذریعے ریلیف کے اقدامات عام آدمی تک پہنچائے جائیں گے۔ وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ عالمی سطح پر بحران کے باوجود بروقت فیصلوں کی بدولت ایندھن کی فراہمی میں کسی قسم کا تعطل نہیں آنے دیا گیا، جبکہ پاکستان خطے میں امن کے قیام کیلئے سفارتی سطح پر بھرپور کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر موٹر سائیکل اور رکشہ مالکان کی رجسٹریشن کا عمل تیز کیا جا رہا ہے تاکہ ممکنہ ریلیف ان تک مؤثر انداز میں پہنچایا جا سکے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ملکی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ایندھن کے مناسب ذخائر موجود ہیں اور آئندہ کیلئے بھی انتظامات کیے جا رہے ہیں، ہائی آکٹین ایندھن پر لیوی میں اضافے کے باوجود جیٹ فیول کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، ملک میں ادویات کا وافر ذخیرہ موجود ہے اور وزیراعظم کی بچت مہم پر عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزرا خواجہ آصف، احسن اقبال، ڈاکٹر مصدق ملک، احد خان چیمہ، سید مصطفی کمال، محمد اورنگزیب، عطا اللہ تارڑ، علی پرویز ملک، شزہ فاطمہ خواجہ، رانا مبشر اقبال، سردار اویس خان لغاری، مشیر وزیراعظم رانا ثنا اللہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، معاونین خصوصی طارق فاطمی، طلحہ برکی، ارکان قومی اسمبلی انجینئر قمر الاسلام، ریاض الحق، حافظ محمد نعمان اور متعلقہ اعلی حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 31

منتخب نمائندوں پر ذمہ داری ہے کہ کفایت شعاری کا مظاہرہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ این ایف سی کا مقدمہ میں لڑ رہا ہوں، چاہتے ہیں ہمارے ساتھ انصاف ہو، این ایف سی میں ہمارا شیئر نہیں دیا جا رہا، شیئر نہ دینے والوں پر آرٹیکل 6 لگنا چاہیے۔ علاوہ ازیں ذرائع کا کہنا ہے کہ اسمارٹ لاک ڈاؤن کے معاملے پر صوبائی وزرائے خزانہ پر مشتمل ذیلی کمیٹی قائم کر دی گئی ہے جس کا اجلاس کل ہوگا، کمیٹی اسمارٹ لاک ڈاؤن کے حوالے سے تجاویز پر نظرثانی کرے گی۔

بقیہ نمبر 32

زیرو ویسٹ کی توجہ خوراک کے ضیاع پر مرکوز ہے، جو عام شہری کی روزمرہ زندگی سے جڑا ایک اہم مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ منڈی تک پہنچنے سے پہلے خوراک کا خراب ہو جانا اور ناقص ذخیرہ کاری کے باعث فصلوں کا ضائع ہونا بڑے چیلنجز ہیں، جن پر فوری توجہ دینا ضروری ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ تقریبات میں بچ جانے والی خوراک کو ضائع کرنا وسائل کا ضیاع ہے، کیونکہ خوراک کے ساتھ پانی، زمین اور توانائی بھی ضائع ہوتی ہے، لینڈفل میں جانے والی خوراک ماحولیاتی آلودگی میں اضافہ کرتی ہے اور اس کا تعلق موسمیاتی تبدیلی سے بھی ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ ایک زرعی معیشت ہونے کے ناطے پاکستان کو بعد از برداشت نقصانات کم کرنے، بہتر کولڈ چین اور سٹوریج سسٹم اپنانے کی ضرورت ہے، انہوں نے اضافی خوراک مستحق افراد تک پہنچانے، سرکاری اداروں کی جانب سے عملی مثال قائم کرنے اور کاروباری اداروں کو ذمہ دارانہ منصوبہ بندی اختیار کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ گھریلو سطح پر محتاط خریداری اور درست ذخیرہ کاری کو یقینی بنائیں، خوراک کے ضیاع میں کمی ایک مشترکہ قومی ذمہ داری ہے، جس سے نہ صرف غذائی تحفظ کو مضبوط بنایا جا سکتا ہے بلکہ ماحول پر دباؤ بھی کم کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 33

کے خطرے کے حوالے سے الرٹ جاری کرتے ہوئے تمام ڈپٹی کمشنرز اور ضلعی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز کو ہنگامی اقدامات کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ مشیر وزیراعلی سندھ گیانچند ایسرانی کا کہنا ہے کہ یکم اپریل سے مغربی سسٹم بلوچستان کے جنوب مغربی علاقوں میں داخل ہوگا جو 4 اپریل تک برقرار رہنے کا امکان ہے۔ اس موسمی نظام کے زیر اثر کراچی، ٹھٹھہ، بدین، حیدرآباد، سکھر، دادو، کشمور، جیکب آباد، لاڑکانہ، شہید بینظیر آباد اور تھرپارکر سمیت سندھ کے مختلف اضلاع میں 2 سے 4 اپریل کے دوران وقفے وقفے سے بارش، آندھی اور گرج چمک متوقع ہے جبکہ بعض علاقوں میں ژالہ باری بھی ہو سکتی ہے۔ پی ڈی ایم اے نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ تیز ہوائیں اور آسمانی بجلی کمزور ڈھانچوں، بجلی کے کھمبوں، بل بورڈز اور سولر پینلز کو نقصان پہنچا سکتی ہیں جبکہ کھڑی فصلوں کو بھی متاثر ہونے کا امکان ہے۔ کسانوں کو موسمی صورتحال کے مطابق احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے اور شہریوں و مسافروں کو غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ موسمی نظام کے باعث دن کے درجہ حرارت میں کمی کی توقع ہے۔ گیانچند ایسرانی کی ہدایت پر پی ڈی ایم اے سندھ نے تمام ضلعی انتظامیہ، ریسکیو اداروں اور متعلقہ محکموں کو الرٹ رہنے، نکاسی آب، ہنگامی مشینری کی دستیابی، ریسکیو ٹیموں کی تعیناتی اور کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کیلئے پیشگی انتظامات مکمل رکھنے کی ہدایت کی ہے۔ گیانچند ایسرانی نے کہا ہے کہ حکومت سندھ ممکنہ موسمی صورتحال سے نمٹنے کیلئے مکمل طور پر تیار ہے۔ تمام اضلاع میں ضلعی انتظامیہ، پی ڈی ایم اے، ریسکیو 1122، بلدیاتی اداروں اور صحت کے محکموں کو پیشگی الرٹ کر دیا گیا ہے تاکہ عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلی سندھ کی ہدایات پر مربوط ڈیزاسٹر رسپانس سسٹم کے تحت تمام ادارے باہمی رابطے میں کام کر رہے ہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری امدادی کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔ شہری سرکاری ہدایات پر عمل کریں۔ گیانچند ایسرانی نے مزید کہا کہ سندھ حکومت نے حالیہ برسوں میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ نظام کو مضبوط بنایا ہے جس کے باعث ریسکیو اور ریلیف آپریشنز کی استعداد میں نمایاں بہتری آئی ہے اور متعلقہ ادارے ہر ممکن صورتحال سے نمٹنے کیلئے مکمل طور پر تیار اور متحرک ہیں۔

بقیہ نمبر 34

کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ سرداروں کی خواہش ہے کہ وہ مجھے ڈرا ہوا اور روتا ہوا دیکھیں، تاہم یہ حسرت کبھی پوری نہیں ہوگی۔

بقیہ نمبر 35

جو ایک اعزاز ہے مصر، ترکی، سعودی عرب اس میں شریک ہوئے جو اسلامی دنیا کے بڑے ممالک ہیں ان بڑے ممالک کے باہمی رابطے سے اسلامی دنیا کیلئے متوازن سوچ پیدا ہوگی۔ فضل الرحمان نے کہا کہ ٹرمپ نے سعودی ولی عہد سے متعلق جو کہا وہ کوئی شریف آدمی دہرا نہیں سکتا، ایران، اسرائیل اور امریکی تنازع فلسطین جنگ کا تسلسل ہے یہ جنگ عرب ممالک سے ہوتی ہوئی ایران تک پہنچائی گئی اگر ایران میں انہیں کامیابی مل گئی تو خطے پر صیہونی بالادستی ناگزیر ہو جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ پوری اسلامی دنیا کو مل کر ایک مضبوط اسلامی بلاک بنانا چاہیے جس میں سیاسی، تجارتی اور دفاعی حوالے سے مشترکہ معاہدہ کیا جائے متحد ہو کر ہی صیہونیت اور اسرائیلی توسیع پسندی کو روکا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 36

کو ہدایت جاری کی کہ زخمیوں کو بروقت اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، جبکہ ریسکیو اور ریلیف سرگرمیوں کو مزید تیز کرنے کی بھی ہدایت کی۔ علاوہ ازیں، وزیراعلی کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے اور مشکل کی اس گھڑی میں متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، بلکہ ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 37

لیا گیا۔ آصف زرداری نے کہا کہ معیشت، توانائی، خوراک اور سکیورٹی معاملات میں مربوط فیصلے کیے جائیں، مشکل وقت میں کمزور طبقات کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، ایندھن کے استعمال میں کمی، پبلک ٹرانسپورٹ کے فروغ کیلئے عوامی آگاہی مہم چلائی جائے۔ حکومتی ارکان کا کہنا تھا کہ عالمی بحران کے باوجود ملک میں ایندھن کی سپلائی میں کوئی خلل نہیں، ملک میں تیل و گیس کے وافر ذخائر موجود، مستقبل کیلئے بھی انتظامات جاری ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ تیل کی قیمتیں بڑھانے کی تجاویز مسترد کی گئیں، سرکاری اخراجات میں کمی، 60 فیصد سرکاری گاڑیاں فوری طور پر بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بچت سے حاصل فنڈز عوامی ریلیف کے لیے استعمال کیے جا رہے ہیں۔ دوسری جانب نائب وزیراعظم اسحاق ڈار ترکیے، سعودی عرب اور مصر کی قیادت سے رابطوں اور ملاقاتوں سے متعلق بریف کیا اور آئندہ دورہ بیجنگ سے متعلق بھی اجلاس کو آگاہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 38

کی ثالثی کوششوں سے متعلق آگاہ کیا اور کہا کہ پاکستان یورپی یونین کے ساتھ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ 28، 29 اپریل 2026 کو اسلام آباد میں منعقد ہونے والے پہلے پاکستان - یورپی یونین بزنس فورم کا افتتاح کرنے کے منتظر ہیں۔ یورپی کونسل کے صدر انتونیو کوسٹا نے پاکستان کی امن کوششوں کی تائید کی اور کہا کہ یورپی یونین خطے میں امن و استحکام کی بحالی کے لئے تمام سفارتی اقدامات کی حمایت کرتی ہے۔ انتونیو کوسٹا نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے برسلز کے دورے کے منتظر ہیں، طے شدہ تاریخوں پر وزیراعظم شہباز شریف کے برسلز میں خیر مقدم کرنے کے منتظر ہیں۔ وزیراعظم نے یورپی کمیشن کی صدر ارسلا وان ڈر لیین کے لئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا، شہباز شریف نے جی ایس پی پلس کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

بقیہ نمبر 39

اور پاکستان میں کویت کے سفیر کے درمیان ایک اعلی سطح کی ملاقات ہوئی، جس میں کویت پٹرولیم کارپوریشن نے پاکستان کو ایندھن کی فراہمی کے لیے اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ذرائع نے بتایا کہ اس انتظام میں ڈیزل اور جیٹ فیول کی ترسیل کے لیے پاکستان کے جھنڈے والے جہازوں کا ممکنہ استعمال شامل ہے۔ دوران ملاقات ہونے والی گفتگو میں کویتی سفیر کا کہنا تھا کہ مجوزہ فریم ورک پاکستان میں رجسٹرڈ بحری جہازوں کو ترجیحاتی طور پر اہم آبنائے ہرمز سے پٹرولیم مصنوعات لے جانے کی اجازت دے گا، یہ راستہ توانائی کی تجارت کے لیے دنیا کے اہم ترین سمندری راستوں میں سے ایک ہے، جو تیل پیدا کرنے والے بڑے خطوں کو عالمی منڈیوں سے جوڑتا ہے۔

بقیہ نمبر 40

سے خورشید خٹک کو کابینہ میں شامل کیا جائے گا، کابینہ توسیع میں چارسدہ سے افتخار اللہ جان، مردان سے طارق آریانی اور احتشام خان کو شامل کیا جائے گا۔ دیر سے ہمایوں خان، سوات سے میاں شرافت علی، ملاکنڈ سے پیر مصور کو کابینہ میں شامل کیا جائے گا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق ہزارہ ڈویژن سے افتخار جدون اور اکرام غازی کو کابینہ میں شامل کیا جائے گا، کابینہ توسیع میں الیکشن میں ہارے دو ارکان کو بھی شامل کیا جائے گا۔ خیبر پختونخوا کابینہ توسیع کا نوٹیفکیشن جلد جاری کیے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ نمبر 41

ناموں کی فہرست جیل حکام کو بھجوائی۔ فہرست میں بیرسٹر گوہر، سلمان اکرم، راجہ خالد یوسف کا نام شامل، علی زمان، نبیل ستی اور مرتضی طوری کا نام بھی فہرست کا حصہ ہے۔ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشری بی بی کی فیملی بھی ملاقات کیلئے آئے گی۔

بقیہ نمبر 42

کے دوران زاہد بشیر ڈار، انصر کیانی اور دیگر ملزمان عدالت میں پیش ہوئے، جبکہ پی ٹی آئی وکلا کی جانب سے کومل جدون ایڈووکیٹ بھی عدالت میں پیش ہوئیں۔ یاد رہے کہ پی ٹی آئی وکلا کے خلاف یہ مقدمہ تھانہ سیکرٹریٹ میں درج کیا گیا ہے، جس میں خاور مانیکا پر تشدد کا الزام عائد کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 43

ہوئے طیارے کو محفوظ طریقے سے واپس لاہور ایئرپورٹ پر اتار لیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پرواز میں 200 سے زائد مسافر سوار تھے تاہم خوش قسمتی سے تمام مسافر محفوظ رہے۔

بقیہ نمبر 44

سمیت دیگر موبائل فونز برآمد کیے گئے۔ اس حوالے سے ایس ایچ او ٹھٹھہ زیادو نوناری نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ ٹھٹھہ میں چوری شدہ موبائل فونز کے آئی ایم ای آئی تبدیل کر کے فروخت کرنے والے گروہ کو بے نقاب کر دیا گیا ہے۔ اس کارروائی میں دو ملزمان سکندر اور نوح کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے موبائل فونز، کمپیوٹر اور دیگر آلات بھی برآمد کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک بڑا جرم ہے، جس کے باعث شہریوں کے چوری شدہ موبائل فونز کا سراغ نہیں لگایا جا سکتا، کیونکہ ان کے آئی ایم ای آئی نمبر تبدیل کر دیے جاتے ہیں۔ موبائل ٹریس نہ ہونے کی صورت میں شہری پولیس کو مسلسل تنقید کا نشانہ بناتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گرفتار ملزمان سے متعدد موبائل فونز برآمد کیے گئے ہیں، جبکہ 10 مقدمات میں مطلوب ایک ملزم کی جانب سے لاک کھلوانے کے لیے دیے گئے موبائل بھی تحویل میں لے لیے گئے ہیں۔ اس ملزم کی گرفتاری کے لیے پولیس ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے۔ دوسری جانب موبائل مارکیٹ کے تاجروں نے پولیس کی اس کارروائی پر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گرفتار کیے گئے سکندر علی کو بغیر کسی جرم کے حراست میں لیا گیا ہے، جس کے خلاف احتجاج کیا جائے

بقیہ نمبر 45

قتل میں ملوث 8 ملزمان کو باعزت بری کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ سرداروں کی خواہش ہے کہ وہ مجھے ڈرا ہوا اور روتا ہوا دیکھیں، تاہم یہ حسرت کبھی پوری نہیں ہو گی۔ ام رباب کا کہنا ہے کہ میرے حوصلے پہلے کی طرح آج بھی بلند ہیں اور ہم کسی دبا میں نہیں آئیں گے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ عدالتی فیصلے کے خلاف ہائی کورٹ سے رجوع کیا جائے گا۔ ام رباب چانڈیو نے کہا کہ انصاف میرا حق ہے اور میں اسے حاصل کر کے رہوں گی۔

بقیہ نمبر 46

خبردار کیا کہ آبنائے ہرمز نہ کھولی گئی تو ایران کی اہم توانائی تنصیبات کو نشانہ بنایا جائے گا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ ٹروتھ سوشل پر بیان میں کہا ہے کہ امریکا ایران کے حوالے سے ایک نئے اور زیادہ معقول نظام کے ساتھ سنجیدہ مذاکرات کر رہا ہے، انہوں نے کہا کہ ان بات چیت میں نمایاں پیش رفت ہو چکی ہے اور امکان ہے کہ جلد معاہدہ طے پا جائے گا۔ صدر ٹرمپ کے مطابق ایران کے ساتھ جاری مذاکرات دانش مندانہ قیادت کے ساتھ ہو رہے ہیں اور امریکا اس تنازع کو سفارتی طریقے سے حل کرنے کا خواہاں ہے، انہوں نے اس امید کا اظہار بھی کیا کہ فریقین جلد کسی نتیجے پر پہنچ جائیں گے۔ تاہم امریکی صدر نے اپنے بیان میں سخت انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ اگر کسی وجہ سے معاہدہ نہ ہو سکا اور آبنائے ہرمز کو فوری طور پر نہ کھولا گیا تو امریکا ایران کی اہم توانائی تنصیبات کو نشانہ بنائے گا۔ ان میں بجلی گھر، تیل کے کنویں، جزیرہ خارگ اور دیگر اہم انفراسٹرکچر شامل ہو سکتے ہیں۔

سندھ حکومت عوامی خدمت کے مشن پر کاربند ہے

شرجیل میمن

انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے سڑکوں کی تعمیر و مرمت، شہری منصوبہ بندی اور ترقیاتی اسکیموں پر تیزی سے کام جاری ہے، صوبائی وزیر برائے اطلاعات

حکومت کا وژن ایک ایسا سندھ ہے جہاں ہر شہری کو بنیادی سہولیات، روزگار اور معیاری زندگی میسر ہو، کے یو جے کے وفد سے ملاقات میں گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سندھ حکومت عوامی خدمت کے مشن پر کاربند ہے، تمام وسائل بروئے کار لا کر صوبے کی ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، صوبے کے عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور پائیدار ترقی کے لیے مختلف شعبوں میں جامع اور مربوط اقدامات کئے ہیں، حکومت کا وژن ایک ایسا سندھ ہے جہاں ہر شہری کو بنیادی سہولیات، روزگار اور معیاری زندگی میسر ہو۔ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن سے کے یو جے کے وفد سے ملاقات کے موقع پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے سڑکوں کی تعمیر و مرمت، شہری منصوبہ بندی اور ترقیاتی اسکیموں پر تیزی سے کام جاری ہے، سرکاری اسپتالوں کی اپ گریڈیشن، جدید طبی سہولیات کی فراہمی اور ڈاکٹروں و طبی عملے کی استعداد کار میں اضافے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، عوام کو بہتر اور بروقت علاج کی سہولت فراہم کرنا حکومت کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

اسٹاک مارکیٹ میں بڑی گراوٹ سے سرمایہ کاروں کے اربوں ڈالر ڈوب گئے، مزمل اسلم

پشاور (ویب ڈیسک) وزیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے کہا ہے کہ سٹاک ایکسچینج کا مارکیٹ کیپٹلائزیشن 75.5 ارب ڈالر سے کم ہو کر 59 ارب ڈالر پر آنے سے سرمایہ کاروں کے 16.5 ارب ڈالر ڈوب گئے۔ سٹاک مارکیٹ گراوٹ پر ردعمل دیتے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

لاہور سے کراچی جانے والی پی آئی اے کی پرواز سے پرندہ ٹکرا گیا

لاہور (ویب ڈیسک) لاہور سے کراچی جانے والی پی آئی اے کی پرواز پی کے 305 سے پرندہ ٹکرا گیا۔ ذرائع کے مطابق پرندہ ٹیک آف کے فوری بعد طیارے کے انجن سے ٹکرایا، واقعے کے بعد پائلٹ نے بروقت فیصلہ کرتے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

خاور مانیکا تشدد کیس: پی ٹی آئی وکیل کے ناقابلِ ضمانت وارنٹ جاری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) انسداد دہشت گردی عدالت میں پی ٹی آئی وکلا کے خلاف خاور مانیکا پر مبینہ تشدد کے کیس کی سماعت کے دوران بانی پی ٹی آئی کے وکیل فتح اللہ برکی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے گئے۔ عدالت نے حکم دیا کہ فتح اللہ برکی کو گرفتار کر کے پیش کیا جائے، کیس کی سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے کی۔ سماعت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

ٹھٹھہ پولیس کی کارروائی، چوری شدہ موبائل فونز کے آئی ایم ای آئی تبدیل کرنیوالے ملزمان رنگے ہاتھوں گرفتار

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ٹھٹھہ پولیس کی کارروائی، چوری شدہ موبائل فونز کے آئی ایم ای آئی تبدیل کرنے والے ملزمان رنگے ہاتھوں گرفتار، 10 مقدمات میں مطلوب ملزم کی جانب سے دیے گئے موبائل بھی برآمد، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق ٹھٹھہ پولیس نے موبائل مارکیٹ میں واقع ایک دکان پر چھاپہ مار کر دو افراد نوح ماچھی اور سکندر سموں کو گرفتار کر لیا، جن کے قبضے سے آئی فون ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

پشین: خاتون چرواہا بکریوں کے ریوڑ کو چراگاہ کے لیے میدان میں لے جا رہی ہے

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا دن، 6 وکلا کی فہرست جیل حکام کو ارسال

راولپنڈی (ویب ڈیسک) اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے آج وکلا کی ملاقات کا دن ہے، جس کے لیے فہرست جیل حکام کو ارسال کر دی گئی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے سلمان اکرم راجہ نے 6 وکلا کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

شدید مخالفت کے باوجود وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا کابینہ میں توسیع کا فیصلہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے شدید مخالفت کے باوجود خیبر پختونخوا کابینہ میں توسیع کا فیصلہ کر لیا، کابینہ میں مزید 14 ارکان کو شامل کیا جائے گا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق پشاور سے سابق وزیر صحت، سوشل ویلفیئر و عشر زکوٰۃ سید قاسم علی شاہ کو دوبارہ کابینہ میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جنوبی وزیرستان سے آصف محسود، ٹانک سے عثمان بیٹنی، کرک سے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

ملیر ماڈل کالونی میں مسافر تعمیراتی منصوبوں سے پیدا ہونے والی گرد آلود آلودگی کے باعث مشکلات کا شکار ہیں

پی آئی اے پرواز کی 6 سال بعد لندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ پر لینڈنگ

لندن ہیتھرو ایئرپورٹ کو پاکستان اور برطانیہ کے جھنڈوں سے سجایا گیا تھا

لندن (ویب ڈیسک) پی آئی اے کی پہلی پرواز پی کے 785 لینڈ لندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ لینڈ کر گئی۔ پرواز کا استقبال لندن میں پاکستان کے ہائی کمشنر ڈاکٹر فیصل نے کیا، لندن ہیتھرو ایئرپورٹ کو پاکستان اور برطانیہ کے جھنڈوں سے سجایا گیا تھا، اس سلسلے میں ایک سادہ مگر پروقار تقریب کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں پاکستان کا کیک کاٹا گیا۔ پاکستان کے ہائی کمشنر ڈاکٹر فیصل نے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

وفاقی دارالحکومت میں جرائم کم ہوئے ہیں، بہت سی چیزوں میں بہتری آئی ہے، وزیر مملکت طلال چوہدری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ کوئی کیس ایسا نہیں، جس میں ملوث افراد پکڑے نہ گئے ہوں۔ اسلام آباد میں پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو میں طلال چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد میں ایک سال کے دوران اوور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

آئی ایم ایف کا وفد بجٹ 2026 کا جائزہ لینے پاکستان آئیگا، وزارت خزانہ

مالی نظم و ضبط بہتر بنانے اور بجٹ فیصلوں میں تاخیر کم کرنے کیلئے آئی ایم ایف کو یقین دہانی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی حکومت نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) شرائط کے تحت بجٹ سسٹم میں بڑی اصلاحات کا فیصلہ کیا ہے جبکہ آئی ایم ایف کا وفد بجٹ کا جائزہ بھی لے گا۔ وزارت خزانہ کے حکام کے مطابق آئندہ مالی سال 2027-2026 ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

ماہی گیر دریائے سندھ پر حیدرآباد کے قریب روزگار کی سرگرمیوں میں مشغول ہیں

خواجہ سعد رفیق نے سیکریٹری جنرل کا عہدہ قبول کرنے سے انکار کر دیا

اگلے چند روز میں نئے سیکرٹری جنرل کے نام کا باقاعدہ اعلان کر دیا جائے گا

لاہور (ویب ڈیسک) مسلم لیگ ن کے رہنما خواجہ سعد رفیق نے سیکرٹری جنرل کا عہدہ قبول کرنے سے انکار کر دیا، وہ حلقے کی سیاست اور کاروباری مصروفیات میں مصروف ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان مسلم لیگ (ن) نے وفاقی وزیر احسن اقبال کی حکومتی مصروفیات کے باعث پارٹی کے نئے سیکرٹری جنرل کے تقرر کا فیصلہ کیا ہے، تاہم اس اہم عہدے کے لیے مضبوط امیدوار خواجہ سعد رفیق نے معذرت کر لی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ احسن اقبال کی وفاق میں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ نیلا گنبد، لاہور میں پارکنگ پلازہ کی تعمیر کی نگرانی کر رہا ہے

گیس کی کمی؛ سی این جی سیکٹر کو فراہمی بند اور بجلی کی پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ

کوئلے سے پیدا ہونے والی 1500 سے 1800 میگاواٹ بجلی کی پیداوار بھی خطرے میں پڑ گئی، ذرائع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) گیس کی کمی کے باعث ملک میں سی این جی سیکٹر کو فراہمی بند اور بجلی کی پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق آئندہ ماہ (اپریل) سے ملک بھر کے پاور پلانٹس کو صرف 80 ایم ایم سی ایف ڈی گیس دستیاب ہوگی، جس کے باعث بجلی کی پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ مارچ میں ملنے والی 150 ایم ایم سی ایف ڈی گیس اور ایل این جی کی فراہمی بند ہو جائے گی۔ سی این جی سیکٹر کے لیے بھی گیس مکمل طور پر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی فرنچائز کراچی کنگز کے فاسٹ بولر حسن علی پر جرمانہ عائد کر دیا گیا

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی فرنچائز کراچی کنگز کے فاسٹ بولر حسن علی پر جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ پی سی بی کے مطابق حسن علی کو اتوار کو لاہور قلندرز کے خلاف میچ میں کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی پر جرمانہ کیا گیا۔ کراچی کنگز کے حسن علی نے 19 ویں اوور میں لاہور قلندرز کے حبیب اللہ کو آؤٹ کرنے کے بعد کوڈ آف کنڈکٹ کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

کرہ ارض کو آلودگی سے پاک کرنا مشترکہ ذمہ داری ہے

مریم نواز

پنجاب میں کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں کو سرسبز جنگل اور سولر پارک میں بدلا جا رہا ہے، پلاسٹک بیگز پر پابندی سے زیرو ویسٹ کے اہداف کو پورا کیا ہے

کرہ ارض کو آلودگی سے پاک کرنا مشترکہ ذمہ داری ہے، عالمی شہرت یافتہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت پنجاب کے ہر شہر کو زیرو ویسٹ کیا جا رہا ہے، بیان

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کرہ ارض کو آلودگی سے پاک کرنا مشترکہ ذمہ داری ہے۔ زیرو ویسٹ کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز نے زیرو ویسٹ کیلئے عوامی سطح پر کچرے کے خاتمے کیلئے اقدامات اور ماحولیاتی تحفظ پر زور دیا اور ہر شہری کو پلاسٹک کے استعمال کو ترک کرنے کی اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

کراچی سمیت ملک بھر کیلئے بجلی مہنگی ہونے کا امکان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد صارفین کے لیے بجلی بھی مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ سی پی پی اے کی جانب سے دائر فروری کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی درخواست پر آج سماعت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

کراچی؛ نجی سپر اسٹور میں لگی آگ پر قابو پالیا گیا، مشتبہ شخص زیرِ حراست

دروازوں کو کٹر کے ذریعے کاٹا گیا، شدید دھویں کی وجہ سے ریسکیو کارروائی میں مشکلات پیش آئی

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد میں کلفٹن کے علاقے زم زمہ اسٹریٹ پر واقع نجی سپر اسٹور میں اچانک خوفناک آگ بھڑک اٹھی جس کے بعد علاقے میں بھگدڑ مچ گئی اور فائر بریگیڈ کی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق آگ بجھانے کے لیے 6 گاڑیاں مصروف عمل رہیں تاہم بیسمنٹ میں شدید دھویں اور اندھیرے کے باعث امدادی کارروائیوں میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق بیسمنٹ لگی آگ گراؤنڈ فلور تک پھیل گئی، ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

سونے کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ، فی تولہ 4 لاکھ 75 ہزار سے متجاوز

کراچی (ویب ڈیسک) عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے اور چاندی کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس کے بعد قیمتی دھاتوں کی قیمتیں نئی بلند سطح پر پہنچ گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ملک میں 24 قیراط ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

علاقائی ممالک کی جانب سے امن کی کوششیں خوش آئند ہیں، ایرانی وزارت خارجہ

ثالثوں کے ذریعے امریکا اور ایران کے درمیان پیغامات کا تبادلہ ہوا، اسماعیل بقائی

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی وزارت خارجہ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ علاقائی ممالک کی جانب سے امن کی کوششیں خوش آئند ہیں۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا کہ امریکا کے ساتھ کوئی براہ راست بات چیت نہیں ہوئی، ثالثوں کے ذریعے امریکا اور ایران کے درمیان پیغامات کا تبادلہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی ممالک کی جانب سے امن کی کوششیں خوش آئند ہیں، واقعات کو حقیقت پسندانہ نظر سے دیکھنا ضروری ہے، ایران کو دی گئی زیادہ تر تجاویز غیر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

کوئٹہ کے قندھاری بازار میں سیکورٹی میں بہتری کے لیے ٹیکنیشنز نے سی سی ٹی وی کی مرمت کی

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت سندھ کی اولین ترجیح ہے، ناصر شاہ

صوبائی وزیر بلدیات سندھ سید کی زیر صدارت کمشنر آفس کراچی میں اہم اعلیٰ سطحی اجلاس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ کی زیر صدارت کمشنر آفس کراچی میں مخدوش عمارتوں سے متعلق ایک اہم اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری سندھ، کمشنر کراچی، ڈائریکٹر جنرل سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (SBCA)، چیئرمین آباد اور دیگر متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی، اجلاس میں شہر بھر میں موجود خطرناک و خستہ حال عمارتوں کی صورتحال، شہریوں کو درپیش خطرات اور ان کے تدارک ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

قائم خانی کالونی میں 2 ماہ سے گیس مکمل بند، عوام پریشان

اطراف کے علاقوں میں گیس کی فراہمی معمول کے مطابق جاری، علاقہ مکینوں کا سازش کا الزام، ایل پی جی فی کلو 400 روپے سے تجاوز

گیس بندش غریب طبقے کیلئے ناقابل برداشت، فراہمی بحال نہ کی گئی تو بڑے پیمانے پر احتجاجی مظاہرہ کیا جائیگا، مختلف برادریوں کا ردعمل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 242 سے منتخب معروف سیاستدان مصطفیٰ کمال کے حلقے میں واقع بلدیہ ٹاؤن کی یو سی 3، قائم خانی کالونی کے مکین گزشتہ دو ماہ سے گیس کی مکمل بندش کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ یہ محض لوڈشیڈنگ نہیں بلکہ مکمل بندش ہے، جس کے باعث روزمرہ زندگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ مقامی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

کراچی: فائر بریگیڈ کے اہلکار نجی اسٹور کی میں آگ بجھانے کے لئے کام کر رہے ہیں

سیکیورٹی خدشات کے باعث بلوچستان کا ضمنی انتخاب ملتوی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) نے خطے میں امن و امان کی سنگین صورتحال کا حوالہ دیتے ہوئے این اے256-خضدار کے حلقے میں آئندہ ضمنی انتخاب معطل کر دیا ہے۔ پولنگ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

گیانچند ایسرانی کی بارش کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کرنیکی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مشیر وزیراعلیٰ سندھ برائے محکمہ بحالی گیانچند ایسرانی کی ہدایت پر صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے سندھ) نے محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے پیش نظر صوبے بھر میں ممکنہ بارشوں، تیز ہواؤں، گرج چمک اور بعض مقامات پر ژالہ باری کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

کوئٹہ میں مسافر بلیلی روڈ کی خراب حالت کی وجہ سے ٹریفک کو مشکلات کا سامنا ہے

حکومت کی صحت کے حوالے سے لاپرواہی پر اسپیکر قومی اسمبلی برہم

سیکریٹری صحت کو میرے دفتر بلائیں کیوں جوابات نہیں دیے، اسپیکر کی فوری پیش ہونے کی ہدایت

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت کی صحت کے حوالے سے لاپرواہی کی انتہا جس پر اسپیکر قومی اسمبلی بھی برہم ہوگئے۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ سوالات میں وزارت صحت کے پانچ سوالات کے جوابات نہ آنے پر اسپیکر برہم ہوئے اور صحت جیسے شعبے کے سوالات کے جوابات کیوں نہیں دیے۔ اسپیکر ایاز صادق نے ہدایت کی کہ سیکریٹری صحت کو میرے دفتر بلائیں کیوں جوابات نہیں دیے، وزارت صحت کے سوالات کے جوابات کیوں نہیں آئے۔ وزیر پارلیمانی امور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

لیڈی ولنگڈن ہسپتال ویڈیو سکینڈل، معطل ڈاکٹروں کی جگہ نئی تعیناتیاں

لاہور (ویب ڈیسک) لاہور کے لیڈی ولنگڈن ہسپتال میں ویڈیو سکینڈل کے بعد معطل کیے گئے ڈاکٹروں کی جگہ محکمہ صحت نے نئی تعیناتیاں کر دیں۔ ڈاکٹر حنا منیر بٹ کو لیڈی ولنگڈن ہسپتال میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کی ذمہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

احتجاج کیس، علیمہ خان کی حاضری سے استثنٰی کی درخواست منظور

راولپنڈی (ویب ڈیسک) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے احتجاج کیس میں علیمہ خان کی حاضری سے استثنٰی کی درخواست منظور کر لی۔ راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت میں 26 نومبر کے احتجاج سے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

گورنر کا صوبائی صحت کے شعبے کو مزید فعال اور نتیجہ خیز بنانے کا عزم

گورنر سندھ سے ہینڈز ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر شیخ تنویر احمد کی ملاقات ہوئی

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے آج صوبے کے شعبہ صحت اور ہیلتھ کیئر کمیشن کو مزید فعال، مربوط اور نتیجہ خیز بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ گورنر کے یہ ریمارکس گورنر ہاؤس میں ہینڈز ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر شیخ تنویر احمد کے ساتھ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

ماحولیاتی تحفظ کے لیے فضلہ میں کمی ناگزیر ہے، گورنر سندھ

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ نہال ہاشمی نے آج معاشرے کی ہر سطح پر انفرادی گھرانوں سے لے کر بڑی صنعتوں تک فضلہ کو کم سے کم کرنے کو عوامی صحت کے تحفظ اور ماحول کی حفاظت کے لیے ضروری قرار دیا۔ عالمی یوم ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

بلدیہ رشید آباد میں کباڑ کے گودام میں آتشزدگی، سامان جل کر خاکستر

کراچی (ویب ڈیسک) رشید آباد کے کوہاٹی محلے میں بلدیہ کے کباڑ کے گودام میں آتشزدگی کا واقعہ پیش آیا۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق آگ پر دو گاڑیوں کی مدد سے قابو پا لیا گیا۔ آگ سے گودام میں موجود سامان جل کر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

ہمایوں سعید نرم مزاج اور عاجز انسان ہیں، یہی خوبی انہیں دوسروں سے منفرد بناتی ہے، ریشم

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستانی فلم اور ٹی وی انڈسٹری کے صفِ اول کے اداکار ہمایوں سعید کی بے پناہ کامیابی کے باوجود ان کی سادگی اور انکساری ایک بار پھر خبروں میں آ گئی ہے، جب سینئر اداکارہ ریشم نے ان سے جڑی ایک دلچسپ یاد شیئر کی۔ ریشم نے حال ہی میں ایک گفتگو کے دوران بتایا کہ ڈرامہ سیریل میرے پاس تم ہو کی غیر معمولی کامیابی کے فوراً ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

کسٹمز کی بڑی کارروائی، مسافر کے جسم سے 102 قیمتی پروسیسرز برآمد

دبئی سے آنیوالی پرواز کے ایک مشکوک مسافر نے گرین چینل کے ذریعے نکلنے کی کوشش کی، انٹرنیشنل ارائیول ہال کے ایگزٹ گیٹ کی طرف دوڑ لگا دی

کسٹمز اہلکاروں نے اسے ہال سے باہر ہی قابو کر لیا، جامع تلاشی کے دوران مسافر کے جسم سے چھپائے گئے 102 قیمتی پروسیسرز برآمد ہوئے

کراچی (ویب ڈیسک) جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پاکستان کسٹمز نے ایک کامیاب کارروائی کرتے ہوئے دبئی سے آنے والے مسافر سے لاکھوں روپے مالیت کے قیمتی پروسیسرز برآمد کر لیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پاکستان کسٹمز نے ایک کامیاب کارروائی کرتے ہوئے مسافر سے لاکھوں روپے مالیت کے قیمتی پروسیسرز برآمد کر لیے ہیں، ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17